★ حق کی آواز، عوامی ترجمان ★
E PAPER DAILY VOICE OF ASIA LAHORE
چیف ایڈیٹر ذیشان جمیل بھٹی
بانی: محمد جمیل بھٹی (مرحوم)
چیف ایگزیکٹو: محمد طفیل ٹیپو
روزنامہ
وائس آف ایشیا
ڈپٹی ایڈیٹر تجمل عباس بھٹی
ڈپٹی نیوز ایڈیٹر ارشاد احمد شاد
جلد نمبر 01 | سوموار 19 اکتوبر 2026ء، 05 کاتک، 07 جمادی الاول 1448ء، صفحات 4 قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 224

ملک و قوم کے بہترین مفاد میں کیا گیا، وزیراعظم

خیبرپختونخوا میں ایمرجنسی نفاذ مجبوری مگر

فاقی حکومت صوبہ کے عوام کی ترقی وخوشحالی کے لئے تعاون اور وسائل فراہم کرنے کے لیے تیار ہے، خیبرپختونخوا کے سابق وزرائے اعلی کو کئی باریقین دہانیاں کرائیں مگر وہ سنجیدہ نہیں تھے، آخر میں 48 گھنٹے مذاکرات ہوئے

نواز شریف کے دور میں کی جانے والی کوششوں کے نتیجے میں پاکستان میں امن قائم ہوا تھا تاہم بعد میں دہشت گردی کے دوبارہ سر اٹھانے سے ملک کو ایک بار پھر سنگین چیلنجز کا سامنا کرنا پڑا، وزیراعظم محمد شہباز شریف

اسلام آباد (وائس آف ایشیا) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ دہشت گردی کے خلاف موثر اقدامات ناگزیر ہیں، ملک وقوم کے بہترین مفاد میں خیبرپختونخوا میں ایمرجنسی نافذ کرنے کا فیصلہ مجبوری کے تحت کیا گیا، وفاقی حکومت صوبہ کے عوام کی ترقی وخوشحالی کے لئے تعاون اور وسائل فراہم کرنے کے لیے تیار ہے۔ ہفتہ کو گوجرانوالہ میں بیرسٹر محمود بشیر ورک کی وفات پر تعزیت کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ سابق وزیراعلی اور ان کے بعد آنے والے وزیراعلی کے ساتھ متعدد ملاقاتوں میں پوری سنجیدگی اور خلوص کے ساتھ یہ باور کرانے کی کوشش کی کہ خیبرپختونخوا پاکستان کا ایک خوبصورت صوبہ ہے اور اس کے عوام کی ترقی وخوشحالی کے لیے وفاقی حکومت ہر وقت اور ہر لحاظ سے تعاون کے لیے تیار ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ افغانستان سے دہشت گردی کا سلسلہ دوبارہ شروع ہونے کے بعد پیدا ہونے والے سکیورٹی چیلنجز سے نمٹنے کے لیے صوبائی حکومت کو ہر ممکن تعاون، وسائل اور انتظامی فیصلوں میں مدد کی پیشکش کی گئی تاکہ مل کر دہشت گردوں کا مقابلہ کیا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ افسوس کے

باقی صفحہ 3 بقیہ 15

وزیراعظم نے اسلام آباد میں دانش اسکول کا افتتاح کر دیا

کلاس رومز، سائنس، آئی ٹی اینڈ روبوٹکس لیبز اور آرٹ روم میں طلبہ کو فراہم تعلیمی سہولیات پر اطمینان کا اظہار کیا



اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے اسلام آباد میں دانش سکول کا افتتاح کر دیا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے اتوار کو دانش اسکول کی

باقی صفحہ 3 بقیہ 14

عوام کا تحفظ لا اینڈ آرڈر کنٹرول کرنا ترجیح ہے، آئی جی راؤ عبدالکریم

وزیراعلی مریم نواز شریف کے محفوظ پنجاب ویژن کے تحت ناجائز اسلحہ کے خلاف پنجاب پولیس کی مہم جاری، رواں سال صوبہ بھر سے 760 کلاشنکوف، 26ہزار 897 پسٹلز، 1,342 رائفلز اور ایک لاکھ 45ہزار 764 گولیاں برآمد

پنجاب پولیس کے افسران و اہلکاروں نے لاہور سمیت صوبہ بھر کے گرجا گھروں میں مسیحی عباداتی دعائیہ پروگرام کے دوران ہائی الرٹ رہتے ہوئے سکیورٹی ڈیوٹی کے فرائض سرانجام دیئے

لاہور (سینئر کرائم رپورٹر سے) وزیراعلی پنجاب مریم نواز شریف کے محفوظ پنجاب ویژن کے تحت پنجاب پولیس کی ناجائز اسلحہ کے خلاف مہم جاری ہے۔ پنجاب پولیس نے صوبہ بھر میں سنگین وارداتوں، اسلحہ کی نمائش اور دیگر خلاف ورزیوں میں استعمال ہونے والا ناجائز اسلحہ برآمد کر لیا۔ پنجاب پولیس نے رواں سال صوبہ بھر میں کارروائیاں کرتے ہوئے 760 کلاشنکوف، 26ہزار 897 پسٹلز، 1,342 رائفلز، 2,096 بندوقیں، 592 ریوالورز اور ایک لاکھ 45ہزار 764 گولیاں برآمد کیں۔ صوبائی دارالحکومت لاہور میں مختلف کارروائیوں کے دوران 22 کلاشنکوف، 118 رائفلز، 140 بندوقیں، 4,915 پسٹلز، 108 ریوالورز اور 24,331 گولیاں برآمد کی گئیں۔ آئی جی پنجاب عبدالکریم نے ہدایت کی ہے کہ صوبہ بھر میں غیر قانونی اسلحہ رکھنے اس کی نمائش کرنے اور ہوائی فائرنگ میں ملوث عناصر کے خلاف بلاامتیاز قانونی کارروائیاں جاری رکھی جائیں۔ آئی جی پنجاب نے غیر قانونی اسلحہ کی خرید و

باقی صفحہ 3 بقیہ 16

کاروبار دوست اصلاحات کیلئے لاہور چیمبر کی تجاویز کا خیر مقدم کرینگے، سپیکر پنجاب اسمبلی

بزنس کمیونٹی کا معاشی ترقی، روزگار کے مواقع، غیر ملکی سرمایہ کاری، زرمبادلہ کے حصول میں اہم کردار ہے، ملک احمد خان

لاہور چیمبر کی جانب سے ایف آئی آر کلچر، صوابدیدی اختیارات کے خاتمے، تاجروں کی عزت و احترام یقینی بنانے پر زور

لاہور (کامرس رپورٹر) سپیکر پنجاب اسمبلی ملک احمد خان نے لاہور چیمبر میں اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ کاروباری برادری کو درپیش مسائل، ریگولیٹری اقدامات، ٹیکس نظام، صنعتی ترقی اور سرمایہ کاری کے فروغ سے متعلق لاہور چیمبر کی تجاویز کا جائزہ لے کر انہیں متعلقہ حکام اور محکموں کے سامنے اٹھایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ موثر قانون سازی کیلئے تمام متعلقہ اسٹیک ہولڈرز سے مشاورت ضروری ہے۔ صدر لاہور چیمبر علی حسام اصغر، سینئر نائب صدر سردار عثمان غنی اور نائب صدر چودھری خادم حسین نے ایف آئی آر کلچر کے خاتمے، سرکاری اہلکاروں کے صوابدیدی اختیارات میں کمی اور تاجر برادری کی عزت و احترام یقینی بنانے پر زور دیا۔ لاہور چیمبر کے سابق صدر میاں مصباح الرحمٰن، سابق سینئر نائب صدر ناصر حمید خان نے بھی اس موقع پر اظہار خیال کیا۔ اجلاس میں چیمبر کے سینئر اراکین امجد علی چودھری، خواجہ شاہ زیب اکرم، سہیل نثار، جبکہ ایگزیکٹو کمیٹی کے اراکین شیخ محمد ابراہیم، شاہ بہرام، مردان علی زیدی، نائلہ ندیم، شہزاد محمود، ذوالفقار علی چودھری، طارق محمود، محمد اعجاز غوری، زمان نصیب، محمد عمیر، عبداللہ چودھری، چودھری فرغام، عدیل بابر خان، ساحر مشتاق، علی رضا، حیدر رضا، شہزادعلی شاہ اور دیگر بھی موجود تھے۔ سپیکر پنجاب

باقی صفحہ 3 بقیہ 7

عقیدہ ختم نبوت میں شک و شبہ سے مسلمان متاع ایمان کھو بیٹھتا ہے، علمائے کرام

عقیدہ ختم نبوت اسلام کی اساس اور اہم ترین بنیادی عقیدہ، دین کی پوری عمارت اس عقیدے پر کھڑی ہے، مولانا عبدالنعیم

آج تحفظ ختم نبوت کانفرنس آئیڈیل پارک ٹاؤن شپ لاہور میں منعقد ہوگی: مولانا عمر حیات، قاری صدیق توحیدی و دیگر

لاہور (بیورو رپورٹ) عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے مبلغ مولانا عبدالنعیم، مولانا عمر حیات، مولانا قاری صدیق توحیدی، قاری اقبال، مولانا حمزہ ذکی، مولانا مہتاب، مولانا مسیح اللہ، حامد بلوچ اور مولانا زید کیوہ نے خطبات جمعہ میں خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ عقیدہ ختم نبوت اسلام کی اساس اور اہم ترین بنیادی عقیدہ ہے۔ دین اسلام کی پوری عمارت اس عقیدے پر کھڑی ہے، یہ ایک حساس عقیدہ ہے اس میں شک وشبہات کا ذرا سا بھی رخنہ پیدا ہوجائے تو مسلمان نہ صرف اپنی متاع ایمان کھو بیٹھتا ہے بلکہ وہ امت محمدیہ سے بھی خارج ہوجاتا ہے۔ نبی مکرم، رسول معظم رحمت عالم ﷺ کو صادق و مصدق سمجھنا اور آپ کی نبوت و رسالت کو آخری تسلیم کرنا، ایمان، ہدایت، ابدی کامیابی اور نجات کی بنیاد ہے۔ آپ ﷺ کے بعد نبوت کا دروازہ ہمیشہ ہمیشہ کیلئے بند ہے اور اس سے انکار کفر وارتداد ہے جس سے کوئی تاویل نہیں بچا سکتی۔ صحابہ کرام سے لیکر آج تک تمام امت مسلمہ کا اس پر اجماع ہے۔ اس عقیدے کا دفاع پورے دین اسلام کا دفاع ہے جس کیلئے عاشقان مصطفی ﷺ نے لازوال قربانیاں دیں۔ علمائے کہا کہ آج تحفظ ختم نبوت کانفرنس آئیڈیل پارک ٹاؤن شپ لاہور میں منعقد ہوگی تمام مسلمان کانفرنس شریک ہوکر عقیدہ ختم

باقی صفحہ 3 بقیہ 10

نومبر تک کیلئے توانائی ضروریات کا انتظام کر لیا، وزیرخزانہ

خلیج میں توانائی تنصیبات پر حملے تشویشناک، فوجی کاروباری اداروں کو فنڈ نہیں دے رہے



اسلام آباد (بیورو چیف) وزیرخزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ ایران جنگ کے باعث توانائی کی بڑھتی ہوئی عالمی قیمتوں کے ابتدائی اثرات سے پاکستان اب تک نمٹنے میں کامیاب رہا ہے تاہم خلیجی ممالک میں توانائی کے بنیادی ڈھانچے پر حملے ملکی معیشت کے لئے تشویش کا باعث ہیں۔ فرانسیسی خبر رساں ادارے کو انٹرویو

باقی صفحہ 3 بقیہ 6

پاکستان کا پہلا خلاباز 25 نومبر کو خلائی مشن پر روانہ ہوگا، احسن اقبال

وفاقی وزیر احسن اقبال کے وژن کے تحت سپارکو کے تعاون سے ناروال میں پہلی مرتبہ عالمی ورلڈ اسپیس ویک 2026 منایا گیا



اسلام آباد (وائس آف ایشیا) وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال کے وژن کے تحت سپارکو کے تعاون سے ناروال میں پہلی مرتبہ عالمی ورلڈ اسپیس ویک 2026 منایا گیا، جس کا مقصد نوجوان نسل میں خلائی علوم، سائنسی تحقیق اور جدید ٹیکنالوجی سے متعلق شعور اجاگر کرنا ہے۔ وزارت منصوبہ بندی کے مطابق ناروال

باقی صفحہ 3 بقیہ 13

سہیل آفریدی بزدل ہے جو اپنی دھرتی کا دفاع کرنے کیلئے تیار نہیں، بلاول

وزیراعلی کے پی بزدل تھا وزیراعلی اپنی دھرتی کا دفاع کرنے کے لیے تیار نہیں مگر پیپلز پارٹی سے مقابلے کے لیے تیار ہے

برسوں بعد آج ہم پھر اس جگہ پہنچ گئے ہیں جہاں کچھ قوتیں پاکستان کا جھنڈا سوات سے اتارنا چاہتی ہیں، چیئرمین پیپلز پارٹی

کراچی (بیورو رپورٹ) چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ وزیراعلی کے پی سہیل آفریدی بزدل ہے جو اپنی دھرتی کا دفاع کرنے کے لیے تیار نہیں، پی پی کا فیصلہ صاف ہے آئینی اور قانونی طریقے سے صوبے بن سکتے ہیں، مولانا فضل الرحمان ہم پر سیاسی تنقید کر سکتے ہیں مگر دہشت گردوں کے خلاف مولانا کو کھل کر بات کرنی چاہیے تھی۔ 18 اکتوبر سانحہ کارساز کی 19ویں برسی پر تقریب سے خطاب میں انہوں نے سانحہ کارساز کے شہدا کو خراج عقیدت پیش کیا اور کہا کہ 18 اکتوبر ملکی تاریخ کا ایک سیاہ دن ہے، شہید بینظیر بھٹو کی وطن واپسی پر دہشت گردی کے ذریعے انہیں

باقی صفحہ 3 بقیہ 12

ایران کو جوہری معاہدہ یا تباہ کن جنگ میں سے کسی ایک کا انتخاب جلد کرنا ہوگا، پیٹ ہیگسیتھ

تہران اپنی دفاعی صلاحیت بڑھانے کے لیے روایتی میزائلوں کا بڑا ذخیرہ تیار کر رہا ہے، امریکی وزیر دفاع



واشنگٹن (نیٹ نیوز) امریکی وزیر دفاع پیٹ ہیگسیتھ نے ایران کو سخت انتباہ دیتے ہوئے کہا ہے کہ تہران کو اپنے جوہری عزائم یا پھر امریکا کی تباہ کن فوجی

باقی صفحہ 3 بقیہ 8

لاہور کی بسم اللہ ہاؤسنگ اسکیم میں اعلی تعلیم کے فروغ کے لیے ایک انتہائی پروقار تقریب کا انعقاد

پروقار تقریب میں ملک کی نامور سیاسی، سماجی شخصیات اور جید علماء و مشائخ نے بڑی تعداد میں شرکت کی



لاہور (شبیر حسین بھٹی) لاہور میں اعلی تعلیم کے فروغ کے لیے ایک اور اہم اور تاریخی قدم اٹھایا گیا ہے۔ ممتاز مفسر قرآن ڈاکٹر سید دیوان ابرار شاہ گیلانی اور ایران کے سفیر موسوی تاکی کے تعاون سے ایک نئی جامعہ (یونیورسٹی) کی بنیاد رکھنے کے حوالے سے لاہور کی بسم اللہ ہاؤسنگ اسکیم میں ایک انتہائی پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ اس پروقار تقریب میں ملک کی نامور سیاسی، سماجی شخصیات اور جید علماء و مشائخ نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ تقریب کا بنیادی مقصد ڈاکٹر سید دیوان ابرار شاہ گیلانی کے اس عظیم تعلیمی خواب کو پایہ تکمیل تک پہنچانا ہے، جس کے ذریعے جدید اور دینی علوم کا امتزاج پیش کیا جا رہا ہے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مہمان گرامی اور شرکا کا کہنا تھا کہ اس یونیورسٹی کے قیام سے نہ صرف خطے میں تعلیمی معیار بلند ہوگا بلکہ اخلاقی اور فکری تربیت کا ایک بہترین مرکز بھی قائم ہوگا۔ میڈیا سے

باقی صفحہ 3 بقیہ 5

امریکی بحریہ کی پاکستانی سرزمین سے ایران کے خلاف کارروائی کا دعوی بے بنیاد ہے، وزارت اطلاعات

ایسی پوسٹس کنفیوژن، غلط فہمیوں اور انتشار پھیلانے کے ایجنڈے کا حصہ ہیں، وزارت اطلاعات ونشریات

اسلام آباد (وائس آف ایشیا) وزارت اطلاعات و نشریات نے امریکی بحریہ کی پاکستانی اجازت سے پاکستانی سرزمین سے ایران کے خلاف کارروائی کے دعوے کو بے بنیاد اور من گھڑت پروپیگنڈا قرار دے دیا۔ سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر وزارت اطلاعات و

باقی صفحہ 3 بقیہ 11

لانگ مارچ کیوں ناکام ہوا؟ پی ٹی آئی نے فیکٹ فائنڈنگ کمیٹی بنا دی

پشاور (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف کی کور کمیٹی اور سیاسی کمیٹی نے لانگ مارچ اور حکومت

باقی صفحہ 3 بقیہ 9

مریم نواز کا وژن، پنجاب میں لیپ ٹاپ اور اسکالرشپ اسکیم فیز ٹو کا آغاز

لاہور (نامہ نگار) وزیر اطلاعات پنجاب عظمی بخاری نے کہا ہے کہ وزیراعلی مریم نواز نے لیپ ٹاپ

باقی صفحہ 3 بقیہ 4

سعودی عرب کے علاقے نجران میں ہیلی کاپٹر گر کر تباہ، عملے کے 2 ارکان ہلاک

ترجمان کے مطابق ہیلی کاپٹر نجران کے اس علاقے میں گرا جو سعودی نیشنل گارڈ کی وزارت کے دائرہ اختیار میں آتا ہے

ریاض (وائس آف ایشیا) سعودی عرب کے علاقے نجران میں تکنیکی خرابی کے باعث ایک فوجی ہیلی کاپٹر گر کر تباہ ہوگیا جس کے نتیجے میں عملے کے دونوں ارکان ہلاک ہوگئے۔ خبر رساں ادارے رائٹرز کے مطابق سعودی قیادت میں قائم اتحادی فوج کے ترجمان بریگیڈیئر جنرل

باقی صفحہ 3 بقیہ 3

گورنر کنڈی کی تبدیلی کا امکان مسترد، دہشتگردی پر کنٹرول کے بعد KP نظام منتخب حکومت کے حوالے کر دیا جائیگا، وفاقی وزیر

بامقصد مذاکرات کیلئے دروازے کھلے، اپوزیشن سنجیدگی سے بات چیت کرنا چاہتی ہے تو خوش آمدید کہیں گے

خیبر پختونخوا میں سیاسی مداخلت نظر نہیں آئیگی، دہشتگردی کا خاتمہ، امن کا قیام، ترقی ترجیح ہے، طارق فضل چودھری

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیر پارلیمانی امور طارق فضل چودھری نے گورنر فیصل کریم کنڈی کی تبدیلی کا امکان مسترد کرتے ہوئے کہا خیبر پختونخوا میں دہشتگردی پر کنٹرول کے بعد نظام صوبائی حکومت کے حوالے کر دیا جائے گا، صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے طارق فضل چودھری نے کہا وزیراعظم نے اپوزیشن کو مذاکرات کی دعوت دی، وزیراعظم نے خود اپوزیشن لیڈر سے کہا بیٹھیں بات کریں، بامقصد مذاکرات کیلئے دروازے کھلے ہیں، اپوزیشن بامقصد بات چیت کرنا چاہتی ہے تو خوش آمدید کہتے ہیں، ایمرجنسی، گورنر راج کے آئینی تقاضوں کی تکمیل ہو چکی، خیبر پختونخوا میں اب تیسرا مرحلہ شروع ہو چکا جس کیلئے ایمرجنسی لگائی گئی دہشتگردی کا مکمل خاتمہ، دائمی امن کا قیام مقصد ہے، وفاقی وزیر نے کہا متاثرہ 12 اضلاع کو دہشتگردوں سے کلیئر کیا جائے گا، دہشتگردی پر کنٹرول کے بعد صوبے کا

باقی صفحہ 3 بقیہ 2

پاکستان کو ورلڈ بینک گروپ، آئی ایم ایف بورڈ آف گورنرز کی سربراہی مل گئی

وزیر اقتصادی امور احد چیمہ 2027 کیلئے دونوں اداروں کے بورڈز آف گورنرز کے چیئرمین نامزد

ترقیاتی مالی وسائل کی موثر، قابل پیش گوئی ترجیحات، پاکستان ترقی پذیر ممالک کی موثر آواز بنے گا، احد چیمہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان کو ورلڈ بینک گروپ اور آئی ایم ایف بورڈ آف گورنرز کی سربراہی مل گئی، وزارت اقتصادی امور نے کہا اعلان بنکاک میں ورلڈ بینک گروپ اور آئی ایم ایف کے سالانہ اجلاسوں کے پلینری سیشن میں کیا گیا، پاکستان کی چیئرمین شپ عالمی اقتصادی و ترقیاتی امور پر موثر کردار ادا کرنے کا اہم موقع ہے، وفاقی وزیر احد چیمہ کو ورلڈ بینک گروپ کے کارپوریٹ سیکرٹریٹ نے چیئرمین شپ کی ذمہ داریوں پر بریفنگ دی، احد چیمہ نے کہا پاکستان ترقی پذیر ممالک کی آواز موثر بنانے کیلئے اپنا کردار ادا کرے گا، ترقیاتی مالی وسائل کی موثر اور قابل پیش گوئی فراہمی پاکستان کی ترجیحات میں شامل ہے، پاکستان کثیر الجہتی ترقیاتی اداروں کے درمیان رابطہ کاری بہتر بنانے کے عزم پر قائم اور موثر کثیر الجہتی ترقیاتی و مالیاتی نظام کیلئے ورلڈ بینک گروپ، آئی ایم ایف، رکن ممالک کیساتھ کام کرے گا۔



اسلام آباد: چیئرمین سینیٹ یوسف رضا گیلانی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

نئی تاریخ رقم، پاکستان نے 3 ماہ میں آئی ٹی برآمدات سے 125 ارب ڈالر کما لیے

ستمبر میں ملکی آئی ٹی برآمدات کی مالیت ساڑھے 43 کروڑ ڈالر، ماہانہ 10، سالانہ 18 فیصد اضافہ ریکارڈ

آئی ٹی ایک ارب ڈالر سے ٹریڈ بیلنس سرپلس رہنے والا واحد شعبہ، مجموعی سروسز ایکسپورٹ میں حصہ 46 فیصد

کراچی (بیورو رپورٹ) نئی تاریخ رقم، پاکستان نے 3 ماہ میں آئی ٹی برآمدات سے 125 ارب ڈالر کما لیے، سٹیٹ بینک نے انفارمیشن ٹیکنالوجی برآمدات کا ماہانہ وسہ ماہی ڈیٹا جاری کر دیا، ڈیٹا کے مطابق ستمبر میں ملکی آئی ٹی برآمدات کی مالیت ساڑھے 43 کروڑ ڈالر رہی، ماہانہ 10، سالانہ 18 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا، مالی سال 2027 کے پہلے 3 ماہ آئی ٹی برآمدات کا حجم ایک ارب 24 کروڑ 60 لاکھ ڈالر رہا، رواں مالی سال جولائی تا ستمبر آئی ٹی برآمدات سالانہ 18 فیصد بڑھیں، آئی ٹی ایک ارب ڈالر سے ٹریڈ بیلنس سرپلس رہنے والا واحد شعبہ ہے، مجموعی سروسز ایکسپورٹ میں حصہ 46 فیصد تک پہنچ گیا



اسلام آباد: وفاقی وزیر احسن اقبال سے لبنان کے سفیر ملاقات کر رہے ہیں

PAFDA لیبارٹریز سے خوراک، ادویات اور کھاد کے معیار کو یقینی بنائیں گے، ڈاکٹر احمد جاوید قاضی

16 ارب کی لاگت سے عالمی معیار کی لیبارٹریز فعال، ملاوٹ کے خاتمے کیلئے سخت اقدامات ناگزیر ہیں، سیکرٹری داخلہ

پنجاب ایگریکلچر، فوڈ اینڈ ڈرگ اتھارٹی حکومت پنجاب کا فلیگ شپ منصوبہ ہے، عالمی یوم خوراک پر تقریب سے خطاب

لاہور (نمائندہ خصوصی) سیکرٹری داخلہ پنجاب ڈاکٹر احمد جاوید قاضی نے کہا ہے کہ خوراک میں ملاوٹ کی روک تھام کیلئے عالمی فوڈ سیفٹی قوانین کو پنجاب میں نافذ کیا گیا ہے جبکہ ملاوٹ مافیا کے خلاف سخت قانون سازی اور تادیبی کارروائیاں ناگزیر ہیں۔ پنجاب ایگریکلچر، فوڈ اینڈ ڈرگ اتھارٹی (پافڈا) حکومت پنجاب کا فلیگ شپ منصوبہ ہے، جس کے ذریعے خوراک، ادویات اور کھاد کے معیار کو یقینی بنانے اور ملاوٹ کے خاتمے کیلئے مربوط نظام قائم کیا جا رہا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے عالمی یوم خوراک کی مناسبت سے پنجاب ایگریکلچر، فوڈ اینڈ ڈرگ اتھارٹی کی تقریب میں شرکا سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں وائس چیئرپرسن پافڈا بورڈ ڈاکٹر کوثر عبداللہ ملک، اسپیشل سیکرٹری داخلہ فیصل فرید، ایڈیشنل سیکرٹری ہوم عاصمہ اعجاز چیمہ، ڈی جی پافڈا ڈاکٹر طلعت نصیر پاشا، سینئر مینجمنٹ اور سائنسدانوں نے شرکت کی۔ تقریب میں صحت

باقی صفحہ 3 بقیہ 1

سانحہ پشاور، شہید بچوں کے لواحقین، زخمیوں کیلئے 10 لاکھ روپے تک امداد، مقدمے میں مالکان، ٹھیکیدار نامزد

کسی کی اولاد اور بچہ واپس نہیں آ سکتا، 15 دن میں ذمہ داری پوری کر کے سزا و جزا کا عمل تیز کیا جائے گا، گورنر کے پی

سکول کی دیواروں، چھتوں کی خستہ حالی پر شکایات کی گئیں، انتظامیہ، مالکان نے کوئی نوٹس نہ لیا، ایف آئی آر کا متن

پشاور (وائس آف ایشیا) سانحہ پشاور میں شہید بچوں کے لواحقین، زخمیوں کیلئے 10 لاکھ روپے تک امداد کا اعلان، مقدمے میں مالکان ٹھیکیدار کو نامزد کر دیا گیا، گورنر کے پی فیصل کریم کنڈی نے لواحقین سے اظہار ہمدردی کیا اور سانحہ کو انتہائی افسوسناک قرار دیتے ہوئے کہا کسی کی اولاد اور بچہ واپس نہیں آ سکتا، شہید ہر بچے کے لواحقین کو 10، زخمی ہونے والوں کو 3، 3 لاکھ روپے امدادی جائے گی، سرکاری و نجی سکولوں کو این او سی دینے کے ذمہ داروں کا تعین، 15 دن میں ذمہ داری پوری کر کے سزا و جزا کا عمل تیز کیا جائیگا، ادھر اس افسوسناک حادثے کا مقدمہ تھانہ آغا میر جانی شاہ میں درج کر لیا گیا، مقدمے کے متن میں سکول بلڈنگ میں ناقص تعمیراتی میٹریل کے استعمال اور عمارت کے بوسیدہ و غیر موزوں ہونے کا ذکر ہے، سکول کی دیواروں اور چھتوں کی خستہ حالی پر شکایات کی گئیں تاہم سکول انتظامیہ، مالکان نے کوئی نوٹس نہ لیا



ستاروں کی دنیا



پاکستان کی معروف گلو کارہ زبیدہ خانم کی 13ویں برسی(آج) منائی جائیگی


معروف موسیقار بابا جی اے چشتی نے پہلی مرتبہ زبیدہ خانم کی آواز کو فلم بلو میں متعارف کروایا

لاہور (وائس آف ایشیا)پاکستان کی معروف گلو کارہ زبیدہ خانم کی 13ویں برسی(آج) 19اکتوبر کو منائی جائے گی۔ زبیدہ خانم 1935ء میں بھارتی شہر امرتسر میں پیدا ہوئیں تاہم قیام پاکستان کے بعد ان کا خاندان ہجرت کر کے لاہور منتقل ہوگیا۔ ان کو بچپن سے ہی موسیقی سے گہرا لگاؤ تھا، لہٰذا اس شوق کو تکمیل تک پہنچانے کے لیے انہوں نے 50 کی دہائی میں میوزک انڈسٹری میں قدم رکھا۔معروف موسیقار بابا جی اے چشتی نے پہلی مرتبہ زبیدہ خانم کی آواز کو فلم بلو میں متعارف کروایا جس کے بعد وہ بہت جلد لوگوں میں مقبول ہوگئیں۔ انہوں نے اپنے فنی سفر کے دوران چند فلموں میں اداکاری کے بھی جوہر دکھائے۔انہوں نے اپنے فنی کیریئر میں لا تعداد گیت گائے جن کی وجہ سے ان فلموں کو زبردست کامیابی ملی۔ان کے مقبول گیتوں میں بندے چاندی دے، میری چنی دیاں ریشمی تنداں، چھڈ جاویں نا چناں بانہہ پھڑکے، اساں جان کے میت لئی اکھ وے،ڈھول ولے دا جانی، لک پتلا پتنگ، ولا ٹھہر جا یار دا نظارا لین دے، آئے موسم رنگیلے سہانے، میرمیرا جیوئے ڈھولا، ہان دیامنڈیا،برے نصیب میرے ویری ہویا پیار میرا،تیرے در تے آکے سجنا وے،گوری گوری چاندنی تے ٹھنڈی ٹھنڈی چھاں نی،اے دل ذرا بتا،میرا پیار ہار گیا،تیری الفت میں صنم،کیا ہوا دل پہ ستم،قسمت کے چاند،زندگی ویران ہے، بلم تم آگئے،اے چاند ان سے،پل پل میرا آنچل،یہ برا ہے زمانہ،سیو نی میرا دل دھڑکے شامل ہیں۔اس کے علاوہ ان کا گایا نعتیہ کلام شاہ مدینہ آج بھی بے حد مقبول ہے۔ ان کے گائے زیادہ ترگیت اداکارہ مسرت نذیر،صبیحہ خانم پر فلم بند ہوئے۔پاکستان میوزک انڈسٹری پر اپنے سریلے گیتوں سے راج کرنے والی زبیدہ خانم طویل علالت کے باعث 78برس کی عمر میں 19 اکتوبر 2013ء کو انتقال کر گئی تھیں۔

عدنان صدیقی 23اکتوبر کو57ویں سالگرہ منائیں گے

عدنان صدیقی 23اکتوبر 1969 کو لاہور میں پیدا ہوئے

لاہور(وائس آف ایشیا) سینئر اداکار عدنان صدیقی 23اکتوبر کو 57ویں سالگرہ منائیں گے ۔عدنان صدیقی 23اکتوبر1969 کو لاہور میں پیدا ہوئے جس کے بعد ان کا خاندان کراچی منتقل ہو گیا ۔عدنان صدیقی نے 1990 کی دہائی کے اوائل میں ماڈل کے طور پر کام شروع ہوا ۔ عدنان صدیقی نے ڈرامہ سیریل ''عروسہ'' سے ٹیلی ویژن کیریئر کا آغاز کیا۔اس کے بعد انہوں نے متعدد سپر ہٹ ڈرامے دیئے ۔انہوں نے امریکی ٹیلی ویژن سیریز ہوم لینڈ میں کلیئر ڈینس کے ساتھ اپنے کردار کے لئے عالمی شہرت حاصل کی۔عدنان صدیقی اپنے اہل خانہ کے ہمراہ اپنی سالگرہ کا کیک کاٹیں گے۔



میگھا نے گلوکار عمران اختر کیساتھ چار نئے گیت تیار کر لئے ،رواں ہفتے باضابطہ تقریب میں ریلیز کا امکان

قوی امید ہے عمران اختر کیساتھ مشترکہ پراجیکٹ مداحوں کے لیے ایک خوبصورت تحفہ ثابت ہوگا' گلوکارہ کی گفتگو

لاہور(وائس آف ایشیا)معروف گلوکارہ میگھا اور ابھرتے ہوئے گلوکار، نغمہ نگار و موسیقار عمران اختر نے چار نئے گانے تیار کر لئے جو رواں ہفتے باضابطہ تقریب میں ریلیز کئے جانے کا امکان ہے ۔ چاروں گانوں کے بول اور کمپوزیشن عمران اختر نے ترتیب دی ہے ،دو گانوں کی موسیقی طابش طافوجبکہ دیگر دو گانوں کی موسیقی کٹو علی طافو کی ہے۔ گانوں کی مکسنگ اور ماسٹرنگ کی ذمہ داری رنگو علی طافو نے انجام دی ہے۔ویڈیوز کی ہدایتکاری عبدالرازق منا کی ہے جبکہ ڈی او پی اور ایڈیٹنگ کے شعبوں میں عمران یو اے ای اور فخر علی نے خدمات سرانجام دی ہیں۔ کوریوگرافی نگاہ حسین، وقاص علی، ذیشان علی اور جانو نے کی ہے جس سے گانوں کی ویژول پیشکش کو مزید موثر بنانے کی کوشش کی گئی ہے۔خوبصورت لوکیشنز اور گانوں کی مناسبت سے لگائے گئے سیٹس پر تیار چاروں گانے میگھا اسٹوڈیو کے یوٹیوب چینل سے ریلیز کئے جائیں گے۔چاروں گانوں کی تیاری میں سی ای او زوم میڈیا نوید چوہدری نے خصوصی معاونت کی ہے ۔ گلوکارہ میگھا نے کہا کہ ابھرتے ہوئے گلوکار عمران اختر کے ساتھ چار نئے گانوں کی ریلیز موسیقی کے سفر میں ایک اہم اضافہ ہے، مجھے قوی امید ہے کہ عمران اختر کے ساتھ مشترکہ پراجیکٹ مداحوں کے لیے ایک خوبصورت تحفہ ثابت ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ پلے بیک اور پنجابی گیتوں کے حوالے سے عمران اختر موسیقی کی دنیا میں نیا اور خوبصورت اضافہ ثابت ہوگا۔



سینئر اداکار سلیم ناصر کی 37ویں برسی(آج) منائی جائیگی

سلیم ناصر نے ٹی وی کیساتھ فلموں میں بھی اداکاری کے جوہر دکھائے ،چاکلیٹی ہیرو وحید مراد کی فلم ''زیب النساء'' شامل

لاہور (وائس آف ایشیا)اپنی لازوال اداکاری کی بدولت مداحوں کے دلوں میں گھر کرنے والے سینئر اداکار سلیم ناصر کی 37 ویں برسی(آج) 19اکتوبر کو منائی جائے گی۔15نومبر 1944ء کو بھارت کے شہر ناگپور میں پیدا ہونے والے سلیم ناصر تقسیم ہند کے بعداپنے خاندان کے ہمراہ پاکستان آگئے تھے اور کراچی میں مستقل سکونت اختیار کی۔انہوں نے اپنے فنی سفر کا آغاز چھوٹی سکرین سے کیا اور ہر قسم کے کردار کو بخوبی نبھا کر ناظرین سے بھرپور داد وصول کی۔ان کے مقبول ڈراموں میں دستک، نشان حیدر، آخری چٹان، یانصیب کلینک، بندش اور ان کہی شامل ہیں لیکن انور مقصود کے تحریر کردہ آنگن ٹیڑھا میں اکبر کے کردار نے انہیں ہمیشہ کے لئے امر کردیا۔سلیم ناصر نے ٹی وی کے ساتھ فلموں میں بھی اداکاری کے جوہر دکھائے جن میں چاکلیٹی ہیرو وحید مراد کی فلم ''زیب النساء''بھی شامل ہے۔ سلیم ناصر کو ان کی فنی خدمات کے اعتراف میں ملک کے اعلیٰ ترین صدارتی ایوارڈ سے بھی نوازا گیا۔سلیم ناصر 19اکتوبر 1989ء کو صرف45برس کی عمر میں دل کادورہ پڑنے سے جہان فانی سے کوچ کر گئے۔

سید نور کی نئی فلم ''پیسہ ناچ نچائے''میں اداکار شان کے بھانجے کو مرکزی کردار کیلئے کاسٹ کر لیا گیا

صائمہ نور بھی اہم کردار میں نظر آئیں گی ،فلم کی ریلیز میں جلد بازی نہیں، معیار پر سمجھوتہ نہیں کروں گا، سید نور

لاہور(وائس آف ایشیا)نامور ہدایتکار سید نور کی نئی فلم میں اداکار شان شاہد کے بھانجے عیسی ارسلان اور اداکارہ صائمہ نور اہم کرداروں میں نظر آئیں گے۔ عیسی ارسلان دوسری مرتبہ سید نور کے ساتھ کام کر رہے ہیں۔ سید نور نے کہا کہ فلم کی کہانی منفرد موضوع پر مبنی ہے،فلم کی تمام کاسٹ کا تعلق جنریشن زی سے ہے جبکہ فلم کے میوزک سمیت دیگر ذمہ داریاں بھی نئی نسل کو سونپی گئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ فلم کی ریلیز میں جلد بازی کے بجائے معیار کو ترجیح دینی چاہیے۔ جب تک فلم کے نتائج سے مکمل طور پر مطمئن نہیں ہوں گا اسے ریلیز نہیں کیا جائے گا۔انہوں نے بتایا کہ فلم کی موسیقی معروف گلوکار انور رفیع کے صاحبزادے ترتیب دے رہے ہیں، جبکہ شاعری بخشی وزیر کے صاحبزادے نعیم وزیر کی ہے۔ سید نور نے کہا کہ کامیابی کے لیے موثر مارکیٹنگ بھی ضروری ہے۔فلم کا موضوع اچھوتا ہے جس میں معاشرے کے اس رویے کو اجاگر کیا گیا ہے جہاں لوگ پیسے کے لیے ہر حد تک جانے کو تیار ہیں۔ انہوں نے اس سماجی رویے کو فلم کی کہانی کا مرکزی نکتہ بنایا ہے تاکہ معاشرے کے سامنے ایک اہم سوال اٹھایا جا سکے۔



فلم انڈسٹری کی ترقی کے لیے کنسورشیم تشکیل دینا ہوگا'ریشم

سرمایہ کاری کے لئے کارپوریٹ سیکٹر کو بھی ساتھ ملایا جائے' اداکارہ کی گفتگو

لاہور(وائس آف ایشیا) نامور اداکارہ ریشم نے کہا ہے کہ پاکستان کی فلم انڈسٹری کی بحالی اور ترقی کے لیے مشترکہ حکمت عملی کے تحت کنسورشیم تشکیل دینا وقت کی اہم ضرورت ہے،اس مقصد کے لیے صرف فلم انڈسٹری سے وابستہ افراد ہی نہیں بلکہ کارپوریٹ سیکٹر کو بھی ساتھ ملانا ہوگا تاکہ فلم سازی کے لیے سرمایہ کاری کے نئے مواقع پیدا کیے جا سکیں۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ فلم انڈسٹری کی ترقی کے لیے مربوط منصوبہ بندی اور مستقل بنیادوں پر کام کرنا ضروری ہے،اگر سرمایہ کاروں، فلم سازوں اور دیگر متعلقہ شعبوں کے درمیان تعاون کو فروغ دیا جائے تو پاکستان میں سالانہ 20سے 25فلمیں تیار کی جا سکتی ہیں جس سے فلم انڈسٹری کو عروج مل سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ معیاری فلموں کی مسلسل تیاری سے سینما انڈسٹری کو فعال بنانے اور فنکاروں سمیت فلمی شعبے سے وابستہ افراد کے لیے روزگار کے مواقع بڑھانے میں مدد مل سکتی ہے۔



گجرات، خواجہ سرا ثانیہ مرزا کی سالگرہ کی تقریب، میوزیکل نائٹ میں رقص کی پرفارمنس

شرکاء نے موسیقی اور رقص سے محظوظ ہوتے ہوئے ثانیہ مرزا کو سالگرہ کی مبارک باد پیش کی

لالہ موسیٰ(وائس آف ایشیا)خواجہ سرا ثانیہ مرزا کی سالگرہ کی تقریب سروس موڑ، رحمان شہید روڈ پر واقع ایک کار اسٹینڈ کے احاطے میں منعقد ہوئی، جس میں گجرات سمیت دیگر اضلاع سے درجنوں خواجہ سراں نے شرکت کی۔تقریب میں رات گئے تک میوزیکل نائٹ جاری رہی۔ شرکا نے دلہنوں جیسے خوبصورت ملبوسات زیب تن کیے اور ساؤنڈ سسٹم پر چلنے والے مختلف گانوں پر رقص کی پرفارمنس پیش کی۔ اس موقع پر موجود تماشائیوں نے اپنے پسندیدہ فنکاروں پر نوٹ نچھاور کیے۔سالگرہ کی مرکزی شخصیت ثانیہ مرزا نے بھی رقص کی شاندار پرفارمنس پیش کی، جس پر شرکا اور تماشائیوں نے خوب داد دی اور خوشی کا اظہار کیا۔تقریب میں شی میل فاؤنڈیشن کی ڈویژنل صدر خواجہ سرا ریشم، زیبی لاہور، نگسی، پٹھانی ڈانس پارٹی، مہک، رسیلی، شیلا شمرن، شہانی، ثنا، میڈلونا، ماہی دینہ، زیبی، ارشد ڈانس پارٹی سیالکوٹ، پرینکا، نخو، شیلا، بلی، سونیا، سونو، ارزو، ریحانہ سمیت دیگر خواجہ سراں نے شرکت کی۔تقریب رات گئے تک جاری رہی، جہاں شرکاء نے موسیقی اور رقص سے محظوظ ہوتے ہوئے ثانیہ مرزا کو سالگرہ کی مبارک باد پیش کی۔




فلم ''ریڈ لائن'' انتہائی دلچسپ موضوع پر مبنی فلم ہے' سلیم البیلا

غلام محی الدین فلم کی تیاری کے لیے بھرپور محنت کر رہے ہیں' کامیڈین اداکار



لاہور(وائس آف ایشیا) سینئر کامیڈین اداکار سلیم البیلا نے کہا ہے کہ فلم ''ریڈ لائن'' انتہائی دلچسپ موضوع پر مبنی فلم ہے اور مجھے یقین ہے کہ اس پراجیکٹ میں شائقین میری اداکاری کو بیحد پسند کریں گے،غلام محی الدین فلم کی تیاری کے لیے بھرپور محنت کر رہے ہیں اور یہ ایک شاہکار فلم ثابت ہو گی ۔ایک انٹرویو میں سلیم البیلا نے بتایا کہ انہوں نے سید نور کی فلم ''للکارا سنگھ اِن لاہور''میں بھی کردار ادا کیا ہے اور یہ فلم بھی انڈسٹری کے لئے ہوا کا تازہ جھونکا ثابت ہو گی ۔ سلیم البیلا نے بتایا کہ مزید تین فلموں میں اداکاری کے لئے معاہدہ کیا ہے جس کی وجہ سے میری مصروفیات بڑھ گئی ہیں۔



کھیل کھلاڑی

بیٹر محمد رضوان کے معاملات بہتری کی جانب گامزن ہوگئے

وکٹ کیپر بیٹر کسی محاذ آرائی میں پڑنے سے گریز کرنا چاہتے ہیں اور اپنی کرکٹ پر فوکس کرنے کے خواہشمند ہیں، ذرائع

لاہور (وائس آف ایشیا)پاکستان ٹیسٹ ٹیم کے سابق کپتان اور وکٹ کیپر بیٹر محمد رضوان



کے معاملات بہتری کی جانب گامزن ہوگئے۔ذرائع کے مطابق 34سالہ محمد رضوان نے ڈومیسٹک کرکٹ کھیلنے کی اجازت مانگ لی ہے، انہیں معاملات کو مزید پیچیدہ بنانے سے گریز کا مشورہ دیا گیا ہے۔ذرائع کے مطابق وکٹ کیپر بیٹر کسی محاذ آرائی میں پڑنے سے گریز کرنا چاہتے ہیں اور اپنی کرکٹ پر فوکس کرنے کے خواہشمند ہیں۔ذرائع کے مطابق بورڈ کی سطح پر سابق کپتان محمد رضوان کی کرکٹ بحال کرنے پر کوششیں کی جارہی ہیں، وکٹ کیپر بیٹر بھی جلد از جلد کرکٹ میدان میں واپسی کے خواہشمند ہیں۔محمد رضوان کے حوالے سے این سی سی آئی اے میں انکوائری چل رہی ہے، ذرائع کے مطابق وکٹ کیپر بیٹر اور بورڈ میں معاملات مثبت سطح پر لانے کی کوششیں جاری ہیں۔

گیری کرسٹن کی مارگلہ ہلز میں ماؤنٹین بائیکنگ، خوب مزے لئے ، قدرتی مناظر سے لطف اندوز ہوئے

اسلام آباد (وائس آف ایشیا)سری لنکا کرکٹ ٹیم کے ہیڈ کوچ اور سابق جنوبی افریقی ٹیسٹ کرکٹر گیری کرسٹن نے اسلام آباد کی مارگلہ ہلز میں ماؤنٹین بائیکنگ کے خوب مزے لیے اور قدرتی مناظر سے لطف اندوز ہوئے۔میڈیا رپورٹ کے مطابق گیری کرسٹن نے کہا کہ وہ ماؤنٹین بائیکنگ کی اجازت ملنے پر شکر گزار ہیں یہ ان کا پسندیدہ مشغلہ ہے اور انہیں اس کے ذریعے قدرتی مناظر کو قریب سے دیکھنے کا موقع ملتا ہے۔سری لنکن ہیڈ کوچ نے کہا کہ مارگلہ ہلز انتہائی شاندار ہیں اور یہاں ماؤنٹین بائیکنگ کا تجربہ بہت خوشگوار رہا۔بائیکنگ کے دوران انہوں نے کئی پہاڑ دیکھے اور علاقے کے خوبصورت لینڈ اسکیپ کو سراہا۔سابق جنوبی افریقی کرکٹر کے مطابق ماؤنٹین بائیکنگ کے ذریعے کسی بھی ملک کو دیکھنے اور اس کے قدرتی حسن سے لطف اندوز ہونے کا منفرد موقع ملتا ہے، جو ایک اچھا تجربہ ہوتا ہے۔گیری کرسٹن نے بتایا کہ وہ صبح جلد اٹھنے کے عادی ہیں اور عموماً صبح 8سے 9بجے تک اپنی بائیکنگ مکمل کر لیتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کے پہاڑ بہت شاندار ہیں، خصوصاً شمالی علاقوں کے پہاڑ، اگر انہیں شمالی علاقوں کا دورہ کرنے کے لیے ایک یا 2دن بھی مل جائیں تو وہ وہاں جانا پسند کریں گے۔



پاکستان اور انگلینڈ کا میچ چھاتی کے سرطان سے آگاہی کے نام کرنے کا اعلان

پاکستان، انگلینڈ اور سری لنکا کے درمیان 3ملکی سیریز کا چوتھا ون ڈے انٹرنیشنل میچ بریسٹ کینسر آگاہی مہم کے تحت کھیلا جائیگا

راولپنڈی (وائس آف ایشیا)پاکستان کرکٹ بورڈ نے ون ڈے ٹرائی سیریز کے دوران 25 اکتوبر کو پاکستان اور انگلینڈ کے درمیان ون ڈے انٹرنیشنل میچ کو چھاتی کے سرطان سے آگاہی کے نام کرنے کا اعلان کیا ہے۔پاکستان کرکٹ بورڈ کے مطابق پاکستان، انگلینڈ اور سری لنکا کے درمیان 3ملکی سیریز کا چوتھا ون ڈے انٹرنیشنل میچ بریسٹ کینسر آگاہی مہم کے تحت کھیلا جائے گا اس سلسلے میں قذافی اسٹیڈیم لاہور میں پنک ربن مہم کے تحت خصوصی سرگرمیوں کا انعقاد کیا جائے گا۔میچ میں پاکستان کرکٹ ٹیم خصوصی طور پر تیار کردہ گلابی کٹ پہنے گی جبکہ انگلینڈ کی ٹیم، میچ آفیشلز اور کمنٹیٹرز کو بھی گلابی ربن پہننے کی دعوت دی جائے گی۔میچ کے دوران پنک اسٹمپس استعمال ہوں گے اور اسٹیڈیم کی بڑی اسکرینوں اور ایل ای ڈی بورڈز پر آگاہی پیغامات نشر کیے جائیں گے۔پی سی بی کے مطابق میچ شروع ہونے سے 2گھنٹے قبل قذافی اسٹیڈیم میں پنک ربن مہم کی خصوصی سرگرمیوں کا آغاز ہو گا۔خصوصی پنک شرٹس بھی متعارف کروا دی گئی ہیں جو 19اکتوبر سے قذافی اسٹیڈیم میں پی سی بی مرچنڈائز شاپ اور آن لائن دستیاب ہوں گی۔پی سی بی کے چیف آپریٹنگ آفیسر سمیر احمد سید کے مطابق کرکٹ کی مقبولیت کو چھاتی کے سرطان سے آگاہی، بروقت تشخیص اور علاج کا پیغام عام کرنے کے لیے استعمال کرنا چاہتے ہیں۔ڈائریکٹر کمرشل پی سی بی علی عدنان زیدی نے شائقین کرکٹ پر زور دیا ہے کہ وہ پنک ربن مہم کا حصہ بنیں اور بروقت تشخیص اور اسکریننگ کا پیغام اپنے خاندانوں اور معاشرے تک پہنچائیں۔



محمد رضوان (آج) سے ریسرچ لیبارٹریز کے خلاف سوئی ناردن گیس کی قیادت کرینگے

محمد رضوان خود بھی کسی مزید معاذ آرائی کے بجائے اپنی کرکٹ پر توجہ مرکوز رکھنے کے خواہش مند ہیں

اسلام آباد(وائس آف ایشیا) پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق ٹیسٹ کپتان وکٹ کیپر محمد رضوان 19اکتوبر سے ریسرچ لیبارٹریز کے خلاف سوئی ناردن گیس کی قیادت کریں گے،پریذیڈنٹ ٹرافی کا یہ 4روزہ میچ شعیب اختر کرکٹ اسٹیڈیم میں کھیلا جائے گا۔سوئی ناردن گیس کے ڈائریکٹر کرکٹ اور ہیڈ کوچ پی سی بی کے سابق ڈائریکٹر محمد حفیظ نے اس بات کی تصدیق کی کہ



ہے۔34سالہ محمد رضوان ان 7 کھلاڑیوں میں شامل تھے، جنہیں اگست 2026 میں لندن کے لارڈز کرکٹ گراؤنڈ پر انگلینڈ کے خلاف دوسرا ٹیسٹ 194رنز سے ہارنے کے بعد پی سی بی نے ہنگامی بنیادوں پر پاکستان واپس بلا لیا تھا،بعدازاں وکٹ کیپر کو این سی سی آئی اے میں طلب کیا گیا، جہاں ان کے خلاف انکوائری چل رہی ہے۔اطلاعات کے مطابق پاکستان کے لئے 47ٹیسٹ 103ون ڈے اور 106 ٹیسٹ کھیلنے والے محمد رضوان اور بورڈ کے مابین

شائقین کرکٹ کیلئے خوشخبری، آئی ایل ٹی 20 کے ٹکٹوں کی فروخت شروع

34میچوں پر مشتمل ٹورنامنٹ کا آغاز 21نومبر سے ہوگا ، فائنل 20دسمبر کو دبئی انٹرنیشنل اسٹیڈیم میں کھیلا جائے گا

دبئی(وائس آف ایشیا)ڈی پی ورلڈ انٹرنیشنل لیگ ٹی(20آئی ایل ٹی 20) کے پانچویں سیزن کے ٹکٹوں کی فروخت شروع ہوگئی ہے، 34 میچوں پر مشتمل ٹورنامنٹ کا آغاز 21نومبر سے ہوگا جبکہ فائنل 20دسمبر کو دبئی انٹرنیشنل اسٹیڈیم

اسٹیڈیم، ابوظہبی کے زاید کرکٹ اسٹیڈیم اور شارجہ کرکٹ اسٹیڈیم میں بچوں کے ٹکٹ کی قیمت 10درہم سے شروع ہوگی۔ یہ سہولت فائنل سمیت ٹورنامنٹ کے تمام میچوں کے لیے دستیاب ہوگی۔پانچ سے 16سال کی عمر کے

ایریا اور ویونگ پلیٹ فارم تک رسائی بھی حاصل ہوگی۔ فائنل کے لیے فیملی پاس کی قیمت 650 درہم ہوگی۔پریمیم سہولیات سے استفادہ کرنے والے شائقین کے لیے ہاسپٹیلٹی ٹکٹ بھی دستیاب ہوں گے۔ دبئی کے سکسر لاؤنج اور شارجہ کرکٹ

25ویں نیشنل نیٹ بال چیمپئن شپ کی تیاریاں شروع کردی گئی

چیمپئن شپ میں شرکت کے لئے ملک بھر سے مختلف ڈیپارٹمنٹس، صوبائی اور ریجنل کی 15 ٹیموں کو مدعو کیا گیا ہے



ہاکی کھیل کی بحالی نیشنل بینک آف پاکستان نے اپنی ڈیپارٹمنٹل ہاکی ٹیم دوبارہ قائم کرنے کا فیصلہ کر لیا

یہ فیصلہ پاکستان کی ہاکی برادری، بالخصوص ان باصلاحیت اور جوان کھلاڑیوں کے لیے انتہائی خوش آئند ہے



عالمی ویمنز ٹیم ٹینس چیمپئن شپ 21سے 24اکتوبر 2026 تک اسلام آباد میں منعقد ہوگی

پاکستان ٹینس فیڈریشن کے صدر اور سیکرٹری جنرل نے پی ٹی ایف انتظامیہ کے ہمراہ شریک ٹیموں کے وفود کا استقبال کیا



جعلی دوا، اصلی موت



ایک غریب باپ ڈاکٹر کی پرچی ہاتھ میں لیے میڈیکل اسٹور کے سامنے کھڑا ہے۔ جیب میں موجود رقم وہ بار بار گن رہا ہے۔ سامنے کھڑی دواؤں کی لمبی قطار اسے دیکھ کر جیسے پوچھ رہی ہے۔ ''ہمیں خریدنا ہے تو گھر کا راشن کہاں سے آئے گا؟ راشن خریدنا ہے تو بیمار بچے کی دوا کون لائے گا؟'' یہ کوئی فرضی منظر نہیں، ہمارے معاشرے کے لاکھوں خاندانوں کی روزمرہ زندگی کی تلخ حقیقت ہے۔

بیماری انسان کو پہلے ہی بے بس کر دیتی ہے، مگر جب علاج بھی اس کی استطاعت سے باہر ہو جائے اور مہنگی دوا خریدنے کے بعد بھی یہ خوف موجود ہو کہ کہیں وہ جعلی یا غیر معیاری نہ ہو تو اس سے بڑا المیہ اور کیا ہوگا؟ پاکستان میں صحت کا بحران صرف ہسپتالوں کی کمی یا ڈاکٹروں کی عدم دستیابی کا مسئلہ نہیں رہا۔ جعلی ادویات، غیر معیاری علاج، عطائیت اور ادویات کی مسلسل بڑھتی قیمتیں مل کر ایک ایسا خطرناک جال بن چکی ہیں جس میں سب سے زیادہ غریب اور متوسط طبقہ پھنس رہا ہے۔

وفاقی وزیر قومی صحت سید مصطفیٰ کمال نے جعلی ادویات کے خاتمے کے عزم کا اظہار کرتے ہوئے ادویات پر 2D بارکوڈ اور سیریل نمبر لازمی قرار دینے کے حوالے سے اہم پیش رفت کی ہے۔ ڈریپ کے تحت ادویات کی ٹریک اینڈ ٹریس نگرانی کا مقصد یہ ہے کہ دوا کی تیاری سے لے کر مریض تک پہنچنے کے پورے سفر کو قابلِ سراغ بنایا جا سکے۔ یہ بلاشبہ ایک مثبت قدم ہے۔ ...

کا ہے۔ قانون موجود ہوتا ہے مگر ... ہے۔ چھاپے پڑتے ہیں، چند گرفتاریاں ... شائع ہوتی ہیں اور پھر کچھ عرصے ... نام، نئی جگہ اور نئے طریقے سے ... ہے۔

ضرورت اس بات کی ہے ... سے لے کر اسے مریض تک پہنچانے ... قانون کے دائرے میں لایا جائے۔ دوا ساز کمپنی سے لے کر درآمد کنندہ، ڈسٹری بیوٹر، ہول سیلر اور میڈیکل اسٹور تک سپلائی چین کے ہر مرحلے کا ریکارڈ محفوظ ہونا چاہیے۔ ...

... دوا کی بڑھتی ہوئی قیمت ہے۔ اگر دوا اصلی ہو مگر غریب کی پہنچ سے باہر ہو تو مریض کے لیے مسئلہ پھر بھی حل نہیں ہوا۔ آج بہت سے خاندان بیماری کے علاج کے لیے اپنی ...

برین ڈرین: صلاحیتوں کی ہجرت۔۔۔۔۔ازقلم: حمید علی



کسی بھی قوم کی اصل طاقت اس کے قدرتی وسائل سے زیادہ اس کے انسانی سرمائے میں پوشیدہ ہوتی ہے۔ تعلیم یافتہ نوجوان، ماہرین، محققین اور ہنرمند افراد وہ اثاثہ ہیں جن کی صلاحیتیں ملکی معیشت کو مضبوط، اداروں کو مستحکم اور ترقی کے عمل کو تیز کرتی ہیں۔ لیکن جب یہی افراد بہتر مستقبل کی تلاش میں اپنا وطن چھوڑنے لگیں تو یہ محض نقل مکانی نہیں رہتی بل کہ قومی ترقی کے لیے ایک سنجیدہ چیلنج بن جاتی ہے۔ اسی عمل کو برین ڈرین کہا جاتا ہے اور پاکستان کے لیے اس کے محرکات کو سمجھنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ خبر یہ ہے کہ گزشتہ تین برسوں کے دوران 18 لاکھ 71 ہزار سے زائد پاکستانی ملک چھوڑ کر بیرونِ ملک گئے ہیں۔ اگرچہ ان میں مختلف شعبوں اور تعلیمی پس منظر کے افراد شامل ہیں لیکن سوال یہ ہے کہ آخر وہ کون سے عوامل ہیں جو نوجوانوں کو اپنے ملک میں مستقبل بنانے کے بجائے بیرونِ ملک مواقع تلاش کرنے پر آمادہ کرتے ہیں؟؟

برین ڈرین کی بنیادی وجوہات میں بے روزگاری اور روزگار کے محدود مواقع سرفہرست ہیں۔ ہر سال بڑی تعداد میں نوجوان اعلیٰ تعلیم حاصل کر کے عملی زندگی میں قدم رکھتے ہیں لیکن ان کی تعلیمی قابلیت کے مطابق ملازمتوں کی دستیابی ایک بڑا مسئلہ ہے۔ طویل عرصے تک روزگار کی تلاش، محدود مواقع اور بھرتیوں میں شفافیت کے فقدان سے نوجوانوں کا اعتماد متاثر ہوتا ہے۔ جب محنت اور قابلیت کے باوجود آگے بڑھنے کے راستے ...

... کامیابی کا معیار اہلیت، تجربہ اور کارکردگی ہونا چاہیے لیکن جہاں سفارش، ذاتی تعلقات اور اثر و رسوخ کو ترجیح دی جائے، وہاں اہل افراد کی حوصلہ شکنی ہوتی ہے۔ ایسا ماحول نہ صرف اداروں کی کارکردگی کو متاثر کرتا ہے بل کہ ان ...

غیبت سے اپنے مسلمان بھائی کی عزت بچائیں، جہنم سے آزادی پائیں



تحریر: اختر علی مہر

اسلام ہمیں صرف عبادات کی تعلیم نہیں دیتا بلکہ انسانوں کی عزت، آبرو اور وقار کی حفاظت کا درس بھی دیتا ہے۔ افسوس کہ آج ہمارے معاشرے میں نماز، روزہ اور دیگر نیکیوں کا اہتمام تو کیا جاتا ہے، لیکن محفلوں میں دوسروں کی غیبت، عیب جوئی اور کردار کشی کو معمولی سمجھ لیا گیا ہے۔ ہم بھول جاتے ہیں کہ کسی کی عزت اچھالنا محض زبان کا گناہ نہیں، بلکہ ایک مسلمان کے حقوق پر حملہ بھی ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا

جس نے اپنے مسلمان بھائی کی عزت کو غیبت سے بچایا، اللہ پاک کے ذمہ کرم پر ہے کہ اسے جہنم سے آزاد فرما دے۔

المعجم الاوسط للطبرانی، جلد 7، صفحہ 160،

7246 ...

پچھلی صدی کے آخری لوگ۔۔۔۔۔ازقلم: محمد اختر انجم (ڈیرہ غازی خان)



اگر آپ کی پیدائش اس صدی کے آغاز سے پہلے کی ہے، تو گھبرانا نہیں میری ہمدردیاں بلا معاوضہ آپ کے ساتھ ہیں۔ آپ بلا شبہ اس کرۂ ارض کے وہ واحد تماشائی ہیں جنہیں قدرت نے ڈبل رول عطا کیا ہے۔ ایک ٹانگ ہمارے ماضی کے کچے آنگن میں اٹکی ہوئی ہے اور دوسری موجودہ دور کی تیز رفتار، تپتی ہوئی سڑک پر پھسل رہی ہے۔ ہم وہ ماضی کے آخری مسافر ہیں جو ختم تو نہیں ہوئے، مگر روزانہ عجائب گھر کی شیشے والی الماری میں بیٹھ کر سوچتے ہیں کہ یار! ہمارے ساتھ یہ ہوا کیا ہے؟

ہمارے عہد کا سب سے بڑا دلچسپ پہلو یہ ہے کہ ہم نے دو بالکل مختلف دنیاں میں زندگی گزاری ہے۔ ہم وہ آخری قبیلہ ہیں جس نے لالٹین کی مدھم روشنی میں ہوم ورک کیا، ڈاکیے کی سائیکل کی گھنٹی پر ایسے چھلانگ لگائی جیسے لاٹری نکل آئی ہو، اور عید کے کارڈوں پر اپنے ہاتھوں سے پھول بنا کر بھیجے۔ اور پھر دیکھو قدرت کا کھیل! انہی ہاتھوں میں اب وہ چمکتی ہوئی اسکرین تھما دی گئی ہے جسے اگر دو منٹ نہ چھوا جائے تو دل میں وسوسے آنے لگتے ہیں کہ ہم اس دنیا سے پیچھے تو نہیں رہ گئے۔

ہمارا سب سے بڑا درد یہ نہیں کہ دنیا بدل گئی۔ درد ...

میری تحریر کا نقص ہے یا موصوف ... ہم ہمیشہ اس بات کے گواہ رہیں ... بھی ایک دنیا ہوا کرتی تھی، جہاں ... گہرائی ضرور تھی۔

ہمیں تو کبھی کبھی اس موجودہ ... ہے۔ بے چارے پیدائشی طور پر اس شیشے کی دنیا کے باشندے ہیں، جنہوں نے نہ بارش میں مٹی کی سوندھی خوشبو کا لطف اٹھایا اور نہ کیچڑ میں کھیل پائے۔ ...

فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی عسکری و دفاعی قیادت: ایک مدبرانہ جائزہ

تحریر: شائلہ سلطانہ راجپوت

فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی عسکری قیادت اور دفاعی حکمت عملی پاکستان کی تاریخ کے ایک انتہائی حساس اور چیلنجنگ دور میں سامنے آئی ہے۔ ایک ایسے وقت میں جب خطے میں طاقت کا توازن تیزی سے بدل رہا ہے اور داخلی و خارجی محاذوں پر بیک وقت پیچیدہ چیلنجز درپیش ہیں، ان کی مدبرانہ سوچ پیشہ ورانہ بصیرت اور غیر متزلزل عزم نے ملک کی دفاعی اور سٹریٹیجک پوزیشن کو نمایاں استحکام بخشا ہے۔ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے روایتی دفاعی حکمت عملی سے آگے بڑھ کر جدید عسکری اور تکنیکی تقاضوں کو اپنایا ہے۔ پاک فوج کے نظامِ مواصلات سائبر سیکورٹی اور مصنوعی ذہانت (AI) کے دفاعی ...

بقیہ نمبر ☆☆☆ 1

مند اور متوازن خوراک کے بارے آگاہی اور بہتر خوراک کے انتخاب کی اہمیت کو اجاگر کیا گیا۔ سیکرٹری داخلہ نے "پانڈا ون انتشی ایٹو" (کا افتتاح کیا۔ سیکرٹری داخلہ نے شرکا کے ہمراہ ورلڈ فوڈ ڈے کا کیک کاٹا اور شجر کاری مہم ...

ڈائریکٹر جنرل زراعت توسیع پنجاب چوہدری شہباز اختر کا دورہ وہاڑی، زرعی منصوبوں پر پیش رفت کا جائزہ

ڈائریکٹر جنرل زراعت پنجاب چوہدری شہباز اختر کا دورہ، گندم کی کاشت مہم اور کسان دوست اسکیموں پر عملدرآمد تیز کرنے کی ہدایت



وہاڑی (عبدالغفار) ڈائریکٹر جنرل زراعت توسیع پنجاب چوہدری شہباز اختر نے دفتر ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت توسیع وہاڑی میں ضلعی افسران کے اجلاس کی صدارت کی، جس میں محکمانہ سرگرمیوں اور جاری زرعی منصوبوں پر پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت توسیع رانا محمد عارف نے انسداد اسموگ مہم، گندم کی کاشت مہم 2026-27 کے اہداف اور کسانوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات، گرین ٹریکٹر اسکیم، اپنا کھیت اپنا روزگار اسکیم پر پیش رفت سمیت مستحق کسانوں میں پے آرڈرز کی تقسیم اور اراضی کی الاٹمنٹ اور کسان کارڈ ریکوری مہم پر پیش رفت بارے بریفنگ دی گئی۔ ڈائریکٹر جنرل نے مقررہ اہداف بروقت حاصل کرنے، مؤثر فیلڈ مانیٹرنگ اور کاشتکاروں کو سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ انہوں نے فیلڈ سٹاف کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے زرعی ترقی اور کاشتکاروں کی خدمت کے لیے بھرپور کردار ادا کرنے پر زور دیا۔ بعدازاں ڈائریکٹر جنرل زراعت توسیع پنجاب نے ضلع وہاڑی کی بائیولوجیکل لیبارٹری کا بھی جائزہ لیا جہاں سینئر ایگریکلچر آفیسر و انچارج بائیولوجیکل لیبارٹری محمد سلیم نے کسان دوست کیڑوں ٹرائیکوگراما اور کرائسو پرلا کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی اور ان کے استعمال و افادیت سے آگاہ کیا۔ ڈائریکٹر جنرل زراعت توسیع پنجاب چوہدری شہباز اختر نے کہا کہ زرعی منصوبوں کے مقررہ اہداف کا بروقت حصول، گندم کی کاشت کے فروغ، انسداد سموگ اقدامات، کسان کارڈ ریکوری، کسان دوست سکیموں پر مؤثر عملدرآمد اور بائیولوجیکل کنٹرول کے ذریعے فصلوں کو نقصان دہ کیڑوں سے محفوظ رکھنا محکمہ زراعت کی ترجیحات ہیں، جن کے لیے افسران اور فیلڈ سٹاف اپنی ذمہ داریاں پوری محنت اور لگن سے ادا کریں۔ اس موقع پر اسسٹنٹ ڈائریکٹر زراعت توسیع تحصیل وہاڑی ڈاکٹر خالد محمود، اسسٹنٹ ڈائریکٹر زراعت توسیع تحصیل بوریوالا محمد طارق حسین، اسسٹنٹ ڈائریکٹر زراعت توسیع تحصیل میلسی مہر عاصف عابد و دیگر ٹیکنیکل سٹاف آفیسران موجود تھے۔

وحدت سرائیکستان کانفرنس چھوٹے صوبوں کی تقسیم مسترد پارلیمنٹ کی بالادستی اور مذہبی آزادی کا مطالبہ

ملک اور پاکستان کے نام پر پنجاب راج قائم ہے مزھبی کارڈ میں پنجاب کی بالادستی کو مضبوط کیا جارحا ہے



رکن پور (نمائندہ خصوصی) ملک میں سیاست اور مزہب کو الگ ہونا چاہئے پارلیمنٹ کی بالادستی چاہتے ہیں اور اسٹیبلشمنٹ کا سیاست میں کردار نہیں ہونا چاہئے وزیر داخلہ محسن نقوی کے انتظامی صوبہ کے بیانیہ کو مسترد کرتے ہیں سرائیکستان سندھ بلوچستان خیبر پختون خواہ چھوٹے صوبوں اور قوموں کی تقسیم کو مسترد کرتے ہیں ملک اور پاکستان کے نام پر پنجاب راج قائم ہے مزھبی کارڈ میں پنجاب کی بالادستی کو مضبوط کیا جارحا ہے ایسا پاکستان چاہتے ہیں جس میں مسجد امام بارگاہ گرجا گھر دوارہ مندر اقلیتوں کے جان مال اور مزھبی ازادی حاصل ہو ملک میں مزھبی اقلیتوں کی ٹارگٹ کلنگ فورس کنورشن اغوا کاری اقلیتی بستیوں کا جلاو گھیراو قابل مزمت ہے ملک شدت پسندی کی طرف جارحا ہے جس میں جمہوری اقدار روز بروز کمزور ہورہے ہیں ملک کی خارجہ پالیسی ہو یا داخلہ پالیسی تمام فیصلے پارلیمنٹ سے باہر ہورہے ہیں اگر پارلیمنٹ کا سیاست میں کوئی کردار نہیں ملک کے اہم فیصلے چند لوگوں نے خود کرنے ہیں جس میں پارلیمنٹ کا کردار نہ ہو تو ایسی پارلیمنٹ کو بند کر دیا جائے اس وقت ملک ایک قومیت کی حکومت ہے پرائم منسٹر پنجاب اور ڈپٹی پرائم منسٹر 20 وفاقی وزرا کا تعلق وزیر اعلی پنجاب کا تعلق پنجاب سے ہے ملک میں سندھی بلوچ پشتون اور سرائیکیوں کی نمائندگی نہ ہونے کے برابر ہے ملک کے طاقتور عہدے بھی پنجابی قومیت کے لوگ بیٹھے ہیں حکمران ہمیں بتائیں کہ حریت پر پنجابی کو بٹھا کر وہ اس ملک کو پنجابستان بنانا چاہتے ہیں ہم اس ملک ایک پرامن جمہوری پاکستان دیکھنا چاہتے ہیں جس میں پارلیمنٹ ازاد اور عدلیہ مکمل ازاد ہو پنجاب میں سی سی ڈی بنائی گئی جس کی شکار حکومت کے سیاسی مخالفین اور سرمایہ داروں کی غلامی کررہی ہے کمزور طبقات کرش کمار میگھا مسیح کرشمہ بائی گینگ ریپ جیسے کمزور طبقات کے کیسوں میں سی سی ڈی کبھی نظر نہیں اتی ماورائے عدالت قتل اور غیر قانونی سیاسی کارکنوں کی اغوا کاری پر تشویش ہے ذوالفقار بھٹو بشیر خان قریشی نواب اکبر بگٹی اسد اللہ مینگل عثمان کاکڑ جیسے سیاسی رہنماوں کی غیر طبعی موت یا قتل ان سب کا تعلق چھوٹے صوبوں سے ہے یہ ایک بالادست پنجاب کی کالونی نظام کے لئے سوالیہ نشان ہے میرا گھر میرا کھیت کے نام پر سرائیکی وسیب کی زمینوں اور کارپوریٹ فارمنگ کے نام سرائیکی وسیب کے لوگوں کی زمینیں چھین کر سرائیکوں کے ساتھ جبر تشدد اور معاشی استحصال کیا جارحا ہے ملک میں مزھبی اقلیتوں کے ساتھ امتیازی سلوک ہورحا ہے جڑانوالہ کوٹ رادھا کشن میں جلائے گئے مسیحی اج تک انصاف کے مستحق ہیں ایک فرد واحد کے جرم کو پوری کمیونٹی کے ساتھ منسوب کرکر بستیاں جلائی جارہی ہیں ریاست اور حکومت کہاں ہے کیا فیصلے مسلح ڈنڈے بردار جتھوں نے کرنے ہیں ریاست مزھبی اقلیتوں کو مکمل انصاف دے حکومت نے فیصلہ کرنا ہے کہ ایک پنجابی وزیر محسن نقوی کی ضد مانی جائے گی یا ریاست کا استحکام وزیر داخلہ محسن نقوی کا قوموں صوبوں کو تقسیم کرنے کی ضد پاکستان کے استحکام کے خلاف ہے چھوٹے صوبوں اور قوموں کی تقسیم نامنظور کرتے ہیں مریم نواز نے کہا کہ ہندوستان سے زیادہ خطرہ پاکستان کے صوبوں سے ہے اور خیبر پختون خواہ میں گورنر راج لگا کر اس بات کا ثبوت دیا گیا پنجاب پنجابیت اس ملک میں طاقتور ہے پنجاب میں سرائیکی کش پالیسیاں خواجہ غلام فرید رح سائیں کو بطور پنجابی شاعر متعارف کرانے پنجابی میلے کرنے کی مزمت کرتے ہیں پنجاب دو قومی صوبہ سرائیکی اور پنجابی قومیت پر مشتمل ہے لیکن پنجاب حکومت مریم نواز سرائیکی کش پالیسیوں پر اترائی ہیں سرائیکیوں کے ائینی حقوق سرائکستان صوبہ کے قیام تک رنجیت سنگھ جارجیت کے نتیجہ میں مقبوضہ سرائیکستان کی واگزاری تک جدوجھد جاری رکھیں گے یہ بات سرائیکستان قومی اتحاد کے سربراہ جانشین دربار فرید کوٹ مٹھن شریف خواجہ غلام فرید کوریجہ سرائیکستان وطن پارٹی کے سربراہ ظہور احمد دھریجہ پاکستان سرائیکی پارٹی کے سربراہ اکبر انصاری ایڈوکیٹ عوامی سرائیکی پارٹی کے سربراہ سجاد اکبر ملکانی نے جھوک فرید کوٹ مٹھن شریف میں سرائیکستان قومی اتحاد کے زیر اہتمام وحدت سرائیکستان کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا وحدت سرائیکستان کانفرنس میں بیٹھے لوگوں نے سندھ سرائیکستان بلوچستان خیبر پختو خواہ چھوٹے صوبوں اور قوموں کی تقسیم کے خلاف ہاتھ کھڑے کر کے قرارداد منظور کی اور ملک میں مزھبی اقلیتوں کی ٹارگٹ کلنگ فورس کنورشن اغوا کاری اقلیتی بستیوں کے جلاو گھیراو کے خلاف قرار داد مزمت منظور کی اس کانفرنس میں جام فیض اللہ محمد بخش براہا طارق فریدی ارشد دریشک منظور حسین جتوئی اور دیگر نے خطاب کیا قمر چھینہ مظہر اقبال راول مہر بلال جوھر عبد الستار زائر بے وس مجید جتوئی بلال نازکی نے سرائیکی ترانے انقلابی اشعار پیش کئے اکبر گوپانگ سلیم جتوئی عبد احمد دھریجہ نجیب الرحمن نازک گوپانگ اسد گوپانگ بلال مشوری سمیت کثیر تعداد میں عوام کی بھرپور شرکت

نجی میڈیکل سینٹر عملے کی مبینہ نااہلی سے نومولود بچہ جاں بحق ماں کی حالت نازک، نواب شاہ منتقل کردیا

جہاں زچگی کے آپریشن کی آڑ میں خواتین اور نامولود بچوں کی زندگی سے کھیلا جا رہا ہے

نوشہرو فیروز (ایف اے آئی) نجی میڈیکل سینٹر عملے کی مبینہ نااہلی سے نومولود بچہ جاں بحق، ماں کی حالت نازک، نواب شاہ منتقل، نوشہرو فیروز کے (م) نجی زچہ بچہ مرکز میں ڈاکٹر کی مبینہ غفلت، غلط علاج سے عظیم چانڈیو کا نومولود بچہ جاں بحق ہوگیا جبکہ اہلیہ مسمات نجمہ کی حالت نازک ہونے پر نواب شاہ اسپتال منتقل کیا گیا ہے، متاثرہ خاندان کے مطابق نجی زچہ بچہ مرکز قتل گاہ بن چکے ہیں جہاں زچگی کے آپریشن کی آڑ میں خواتین اور نامولود بچوں کی زندگی سے کھیلا جا رہا ہے محکمہ صحت اور حکومت سندھ نوٹس لیکر میڈیکل سینٹر کیخلاف کارروائی کرے

کوٹری کبیر پولیس چوکی کی حدود میں ٹریفک حادثے میں محنت کش جاں بحق

پولیس کے مطابق مرغی سپلائی کرنے والی مزدا گاڑی کی چھت پر بیٹھا نوجوان اچانک سے گر گیا



نوشہرو فیروز (آئی این پی) ٹریفک حادثے میں محنت کش جاں بحق، کوٹری کبیر پولیس چوکی کی حدود میں قومی شاہراہ پر مرغی سپلائی کرنے والی مزدا گاڑی کی چھت پر بیٹھا ہوا نوجوان اللہ رکھیو ولد علی نواز اجن گر کر پیچھے سے آنے والے ٹرک سے کچل کر جاں بحق ہو گیا، پولیس کے مطابق مرغی سپلائی کرنے والی مزدا گاڑی کی چھت پر بیٹھا نوجوان اچانک سے گر گیا اور ٹرک کی زد میں آ کر زخمی ہوگیا جسے بالائی اسپتال منتقل کیا گیا جہاں وہ زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ گیا، نعش ضروری کارروائی بعد ورثا حوالے کردی ہے نعش گھر پہنچنے پر کہرام مچ گیا۔

کنڈیارو پولیس تھانہ کی حدود میں ٹریفک حادثے میں نوجوان جاں بحق ہوگیا

نعش ضروری کارروائی بعد ورثا حوالے کردی ہے ٹرالر ڈرائیور موقع سے فرار ہوگیا، پولیس مزید تفتیش کر رہی ہے۔

نوشہرو فیروز (محبت ملک) ٹریفک حادثے میں نوجوان جاں بحق، کنڈیارو پولیس تھانہ کی حدود میں قومی شاہراہ پر درگاہ اللہ آباد کے قریب ٹرالر کی زد میں آ کر موٹر سائیکل سوار محمد مشرف ڈاھری ولد محمد سلیمان ڈاھری کچل کر موقع پر جاں بحق ہوگیا، پولیس کے مطابق نوجوان گاؤں رمضان ڈاھری کا رہائشی تھا، شادی کی تقریب میں شرکت کیلئے جارہا تھا کہ حادثے کا شکار ہوگیا، نعش ضروری کارروائی بعد ورثا حوالے کر دی ہے ٹرالر ڈرائیور موقع سے فرار ہوگیا، پولیس مزید تفتیش کر رہی ہے۔

ڈانس کرنے والوں پر پولیس کا چھاپہ دو خواجہ سراں سمیت 11 افراد کو حراست میں لے لیا

ساہوکا پولیس کو اطلاع ملی کہ عبداللطیف کے احاطہ میں مہندی کی تقریب ساؤنڈ سسٹم پر اونچی آواز میں گانے لگا کر خواجہ سراں کا ڈانس ہورہا ہے



بورے والا (صادق جانباز) ساہوکا میں شادی کے سلسلہ میں منعقدہ مہندی کی تقریب میں اونچی آواز میں گانے چلانے اور ان پر ڈانس کرنے والوں پر پولیس کا چھاپہ دو خواجہ سراں سمیت 11 افراد کو حراست میں لے لیا تفصیلات کے مطابق ساہوکا پولیس کو اطلاع ملی کہ عبداللطیف کے احاطہ میں مہندی کی تقریب ساؤنڈ سسٹم پر اونچی آواز میں گانے لگا کر خواجہ سراں کا ڈانس ہو رہا ہے جس پر تھانہ ساہوکا پولیس خواجہ سراں سمیت 11 افراد کو قابو کرلیا جن میں خواجہ سرا چاند اور دانش عبدالقدیر ارمان احمد ظفر علی اللہ دتہ محمد احمد ابراہیم مقبول احمد محمد آصف محمد عرفان عبدالوہاب اور محمد فرحان شامل ہیں جبکہ دو افراد موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے پولیس نے ساؤنڈ ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کر کے کاروائی شروع کر دی ہے

چک نمبر 433 ای بی بورے والا میں صفائی کا نظام درہم برہم، اہل علاقہ صفائی عملے کی راہ تکتے رہ گئے

شہریوں کے مطابق یہ صورتحال تقریباً ایک ماہ سے برقرار ہے، لیکن عملی طور پر صفائی کے مؤثر اقدامات نظر نہیں آ رہے۔

بورے والا (صادق جانباز) چک نمبر 433 ای بی میں صفائی کی صورتحال ابتر ہوگئی۔ اہل علاقہ کے مطابق گزشتہ تقریباً 15 روز سے صفائی کا عملہ محلے میں نہیں آ رہا، جبکہ گزشتہ ایک ماہ سے صفائی کے حوالے سے صرف فوٹو سیشن کیے جانے کی شکایات سامنے آ رہی ہیں علاقے کی گلیوں میں جگہ جگہ کوڑا کرکٹ، گندگی اور جھاڑیاں موجود ہیں جبکہ بعض مقامات پر کچرے کے ڈھیر بھی لگے ہوئے ہیں۔ گندگی کے باعث اہل علاقہ کو شدید مشکلات کا سامنا ہے اور تعفن و مچھروں کی افزائش کا خدشہ بھی بڑھ رہا ہے اہل علاقہ کا کہنا ہے کہ صفائی کے لیے آنے والا عملہ مبینہ طور پر ایک آدھ گلی میں تصاویر بنوا کر واپس چلا جاتا ہے، جبکہ باقی محلہ گندگی کی حالت میں پڑا رہتا ہے۔

پاکستان کو شہید ملت لیاقت علی خان جیسی صاحب کردار قیادت کی ضرورت ہے سید تابش الوری

سید تابش الوری ڈاکٹر انور صابر ناصر عدیل مطلوب زیدی طاہر کمال سجاد علوی عاطف نصیر خرم پیرزادہ ہمایوں ذکی اور تصور حسین نے اپنی شعری نگارشات پیش کیں



بہاولپور (نامہ نگار) پاکستان کو شہید ملت جیسی صاحب کردار و معیار شخصیات کی ضرورت ہے بدعنوانی اور نااہلی ہمارا سب سے بڑا قومی مرض ہے جسے دور کئے بغیر قومی ترقی و خوشحالی ممکن نہیں ہمارا بال بال قرضوں میں جکڑا ہوا ہے جو کئی نسلوں کا مقدر رہے گا معروف پارلیمنٹیرین اور نظریہ پاکستان فورم کے ضلعی سربراہ سید تابش الوری تمغہ امتیاز بزم ثقافت پاکستان کے زیر اہتمام ادبی پڑا سے صدارتی خطاب کر رہے تھے انہوں نے کہا کہ شہید ملت لیاقت علی خان قائداعظم کے دست راست تحریک پاکستان کے سینئر رہنما انڈیا مسلم لیگ کے سکریٹری جنرل اور پاکستان کے پہلے وزیر اعظم تھے جنھوں نے کمترین وسائل کیساتھ مشکل ترین ملکی مسائل حل کئے اور بھارت کے جارحانہ رویوں کے باوجود پاکستان کو مستحکم رکھ کر عالمی سطح پر اسکا وقار بلند کیا لیاقت علی خان کا مکہ آج بھی قومی و ملکی اتحاد کا نشان ہے اور لیاقت نہرو پیکٹ انکی سیاسی بصیرت کا مثالیہ ! سید تابش الوری نے کہا کہ ایک صاحب بصیرت اور صاحب دیانت قیادت ہی پاکستان کے عوام کو غربت و بدحالی سے نکال کر خوشحالی کی مطلوبہ منزل تک پہنچاسکتی ہے اور ایسی قیادت کا انتخاب خود عوام کو کرنا ہوگا اسلامیہ یونیورسٹی کے شعبہ اسلامیات کے پروفیسر ڈاکٹر ضیاالرحمٰن نے بطور مہمان خصوصی کہا کہ شہید ملت پاکستان کے عظیم بانی رہنما تھے جنھوں نے استحکام پاکستان کا تاریخ ساز کردار ادا کیا انھوں نے ادبی پڑا کی روایت کو سراہا جس سے شعر و ادب کو فروغ مل رہا ہے دوسرے مہمان خصوصی ڈاکٹر انور صابر نے بھی ادبی پڑا کا شکریہ ادا کیا براڈ کاسٹر اشرف خان نے نظامت کے فرائض ادا کئے جبکہ راجہ شفقت محمود نے انشائیہ پیش کیا سید تابش الوری ڈاکٹر انور صابر ناصر عدیل مطلوب زیدی طاہر کمال سجاد علوی عاطف نصیر خرم پیرزادہ ہمایوں ذکی اور تصور حسین نے اپنی شعری نگارشات پیش کیں

بھاگٹانوالہ مین بازار کی تعمیر میں ناقص میٹریل کے استعمال کا انکشاف اعلیٰ حکام سے نوٹس لینے کا مطالبہ

اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ منصوبے کی شفاف نگرانی یقینی بنائی جائے اور سرکاری فنڈز کے استعمال کا مکمل آڈٹ کیا جائے

بھاگٹانوالہ (محمد شفیق) بھاگٹانوالہ مین بازار میں جاری تعمیراتی کام میں مبینہ طور پر ناقص میٹریل کے استعمال پر شہری حلقوں نے شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے متعلقہ محکموں کی کارکردگی پر سوالات اٹھا دیے ہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ عوامی ٹیکسوں سے تعمیر ہونے والے ترقیاتی منصوبوں میں اگر معیار پر سمجھوتہ کیا گیا تو یہ قومی وسائل کا ضیاع اور عوام کے ساتھ ناانصافی کے مترادف ہوگا۔ شہری حلقوں کے مطابق ترقیاتی منصوبوں کا مقصد عوام کو ریلیف فراہم کرنا ہے، نہ کہ چند روز بعد دوبارہ ٹوٹ پھوٹ اور مرمت کے مسائل پیدا کرنا۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ مین بازار میں جاری تعمیراتی کام کے معیار کی فوری جانچ پڑتال کی جائے، استعمال ہونے والے میٹریل کے نمونے لے کر غیر جانبدارانہ لیبارٹری ٹیسٹ کروائے جائیں اور اگر ناقص میٹریل کے استعمال کی تصدیق ہو تو ذمہ دار ٹھیکیدار اور متعلقہ اہلکاروں کے خلاف سخت قانونی کارروائی کی جائے۔ شہریوں نے ڈپٹی کمشنر سرگودھا، متعلقہ تعمیراتی محکمے اور اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ منصوبے کی شفاف نگرانی یقینی بنائی جائے اور سرکاری فنڈز کے استعمال کا مکمل آڈٹ کیا جائے، تاکہ عوامی پیسے کے ضیاع کو روکا جا سکے۔

غلہ منڈی میں زرعی اجناس کی آمد کے باعث شہر کی مختلف سڑکوں پر شدید ٹریفک جام معمول بن گیا

جس سے شہریوں کو آمدورفت میں مشکلات کا سامنا ہے۔ شیخ فاضل روڈ سمیت شہر کے متعدد راستے ٹریفک کے دباؤ سے متاثر ہو رہے ہیں

گگو منڈی (نمائندہ خصوصی) غلہ منڈی میں زرعی اجناس کی آمد کے باعث شہر کی مختلف سڑکوں پر شدید ٹریفک جام معمول بن گیا، جس سے شہریوں کو آمدورفت میں مشکلات کا سامنا ہے۔ شیخ فاضل روڈ سمیت شہر کے متعدد راستے ٹریفک کے دباؤ سے متاثر ہو رہے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق گگو منڈی کی غلہ منڈی کو قائم ہوئے 50 سال سے زائد عرصہ گزر چکا ہے۔ شہریوں کے مطابق غلہ منڈی جب قائم کی گئی تھی تو اس وقت شہر کی آبادی اور ٹریفک کا دباؤ موجودہ دور کے مقابلے میں کم تھا، تاہم وقت گزرنے کے ساتھ شہر کی آبادی اور زرعی اجناس کی آمدورفت میں اضافے کے باعث یہ منڈی شہریوں کے لیے مشکلات کا سبب بن رہی ہے۔ شہریوں شفیق احمد، احمد نواز گجر، فیصل لطیف، حاشر شفیق، سابق چیئرمین ملک محمد فاروق، محمد شاہد اور دیگر نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز، کمشنر ملتان اور ڈپٹی کمشنر وہاڑی سے مطالبہ کیا ہے کہ گگو منڈی کی غلہ منڈی کو شہر سے باہر کسی مناسب مقام پر منتقل کیا جائے تاکہ ٹریفک کے مسائل پر قابو پایا جا سکے اور شہریوں کو آمدورفت میں درپیش مشکلات سے نجات مل سکے۔

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ہیڈکوارٹر محمد عثمان جلیس کی زیر صدارت چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کا اجلاس منعقد ہوا

محمد عثمان جلیس نے کہا کہ ہر علاقے میں کاروبار اور سرمایہ کاری کے مخصوص مواقع موجود ہوتے ہیں



وہاڑی (عبدالغفار) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ہیڈکوارٹر محمد عثمان جلیس کی زیر صدارت چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع وہاڑی میں اقتصادی و کاروباری سرگرمیوں کے فروغ، کاروباری برادری کے مسائل کے حل، سرمایہ کاری میں اضافے اور روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے کے حوالے سے مختلف اقدامات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس میں سرمایہ کاری کے فروغ اور کاروباری اہداف کا حصول یقینی بنانے پر اتفاق کیا گیا۔ اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ہیڈکوارٹر محمد عثمان جلیس نے کہا کہ حکومت پنجاب کاروباری برادری کو بہترین سہولیات فراہم کرنے اور کاروبار کے لیے سازگار ماحول پیدا کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ کاروباری افراد کو مکمل رہنمائی اور معاونت فراہم کی جائے گی تاکہ وہ دستیاب مواقع سے فائدہ اٹھاتے ہوئے معاشی سرگرمیوں کو فروغ دے سکیں۔ انہوں نے چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے نمائندگان پر زور دیا کہ سرمایہ کاری کے لیے مختلف شعبوں اور سیکٹرز کی نشاندہی کریں اور ایسے کاروباری مواقع کی نشاندہی کی جائے جن سے مقامی معیشت کو مضبوط بنانے اور روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے میں مدد مل سکے۔ محمد عثمان جلیس نے کہا کہ ہر علاقے میں کاروبار اور سرمایہ کاری کے مخصوص مواقع موجود ہوتے ہیں، جن سے مؤثر منصوبہ بندی کے ذریعے فائدہ اٹھانا چاہیے۔ اجلاس میں چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے نمائندگان کی جانب سے سرمایہ کاری کے مختلف شعبوں، کاروباری مواقع اور معاشی سرگرمیوں کے فروغ کے حوالے سے تجاویز پیش کی گئیں۔ ضلعی انتظامیہ کی جانب سے تجاویز کا جائزہ لینے اور کاروباری برادری کو مکمل معاونت و رہنمائی فراہم کرنے کی یقین دہانی کرائی گئی۔ اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر وہاڑی انعم اکرم، ایڈیشنل اسسٹنٹ کمشنر وہاڑی ڈاکٹر ثنااللہ، ڈپٹی ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ محمد افضال، ڈپٹی ڈائریکٹر پبلک ریلیشنز میاں نعیم عاصم، اسسٹنٹ ڈائریکٹر ماحولیات قرۃ العین، ڈسٹرکٹ آفیسر انڈسٹریز عابدہ حنیف، صدر چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری سید شیراز حسین کاظمی، ایگزیکٹو ممبران محمد عثمان احمد، محمد آصف سعید اور محمد علی بشارت، جبکہ ممبران ندیم کیانی، لیاقت علی چٹھہ، محمد مصطفیٰ، شاہد حسین، منیر احمد مرزا، زین العابدین اور دیگر شریک ہوئے۔ اسسٹنٹ کمشنر بوریوالا جواد حسین اور اسسٹنٹ کمشنر میلسی سعد بن خالد نے بذریعہ ویڈیو لنک اجلاس میں شرکت کی۔

ڈپٹی کمشنر کی زیر صدارت شاہراہوں کے ڈیوائیڈرز اور گرین بیلٹس پر شجرکاری کے حوالے سے جائزہ اجلاس منعقد ہوا

ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ سرسبز شاہراہیں، ماحولیاتی تحفظ، فضائی آلودگی میں کمی اور شہروں کی خوبصورتی میں اضافے کے لیے اہم کردار ادا کرتی ہیں



وہاڑی (عبدالغفار) ڈپٹی کمشنر خالد جاوید گورائیہ کی زیر صدارت شاہراہوں کے ڈیوائیڈرز اور گرین بیلٹس پر شجرکاری کے حوالے سے جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں وہاڑی ملتان روڈ اور لڈن روڈ پر شجرکاری کے اہداف، پودوں کی اقسام، شجرکاری کے شیڈول، مقامات کے تعین اور پودوں کی نگہداشت کے حوالے سے بریفنگ دی گئی۔ ڈپٹی کمشنر خالد جاوید گورائیہ نے شجرکاری کے مقررہ اہداف بروقت مکمل کرنے اور لگائے گئے پودوں کی حفاظت و نگہداشت یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ ڈپٹی کمشنر خالد جاوید گورائیہ نے کہا کہ سرسبز شاہراہیں، ماحولیاتی تحفظ، فضائی آلودگی میں کمی اور شہروں کی خوبصورتی میں اضافے کے لیے اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ شاہراہوں پر مقامی آب و ہوا سے مطابقت رکھنے والے ماحول دوست پودوں کی اقسام کا انتخاب کیا جائے تاکہ پودوں کی بہتر افزائش ممکن ہو اور وہ مستقبل میں تناور درخت بن کر ماحولیاتی بہتری میں معاون ثابت ہوں۔ انہوں نے ہدایت کی کہ شجرکاری کے دوران پودوں کی موزوں اقسام، مناسب اونچائی اور پودوں کے درمیان ضروری فاصلے کا خصوصی خیال رکھا جائے۔ شاہراہوں کے اطراف اور میڈینز میں پودے لگاتے وقت ٹریفک کی روانی، سڑک پر ڈرائیوروں کی واضح نظر اور شہریوں کی حفاظت کو مدنظر رکھا جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے مزید کہا کہ گرین بیلٹس کی مؤثر دیکھ بھال سے شاہراہوں کو سرسبز، خوبصورت اور دیدہ زیب بنایا جا سکتا ہے، اس لیے پودوں کو پانی دینے، ان کی حفاظت اور بروقت دیکھ بھال کا باقاعدہ انتظام کیا جائے تاکہ شجرکاری کے مثبت نتائج حاصل ہوں۔ اجلاس میں ڈی ڈی ڈویلپمنٹ محمد افضال، ایکسین ہائی وے طاہر عزیز، ڈپٹی ڈائریکٹر پبلک ریلیشنز میاں نعیم عاصم، ایم او آئی اینڈ ایس فہیم شہزاد، اسسٹنٹ کنزرویٹو آف فاریسٹ محمد جاوید، اے ڈی پی پی ڈی پی پروگرام عابد منظور ملغانی اور دیگر متعلقہ افسران بھی موجود تھے۔

سکرنڈ: 79 بیچ کی جانب سے مادرِ علمی میں شجرکاری مہم، اساتذہ کے پورٹریٹ آویزاں

انجینئر محمد الیاس کیریو نے اعلان کیا کہ ہر سال اسکول کے پانچ پوزیشن ہولڈر طلبہ کو 79 بیچ کی جانب سے ایوارڈ دیے جائیں گے

سکرنڈ (راج کمار اوڈ) گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول سکرنڈ سے 1979 میں میٹرک پاس کرنے والے ریٹائرڈ افسران کی تنظیم 79 بیچ کی جانب سے اپنے مادر علمی میں شجرکاری مہم شروع کی گئی، جس کے دوران سابق طلبہ نے پودے لگائے اور اپنے اساتذہ کے پورٹریٹ بھی اسکول میں آویزاں کیے۔ تقریب کی میزبانی سینئر ہیڈ ماسٹر محمد ارشد آرائیں نے کی۔ اس موقع پر انجینئر محمد الیاس کیریو، پروفیسر غلام مجتبیٰ ڈاہو، ممتاز سولنگی، عبدالخالق چانڈیو، نور محمد کیریو، حاجی علی نواز چانڈیو، نثرل، محمد سلیمان ڈاہری، یار محمد ملاح، غلام رسول کیریو، الٰہی بخش گسی، نثار گسی، غلام شبیر مستوئی، رضا محمد لغاری، نبی بخش لغاری، علی گل جلالانی، آفاق احمد سومرو اور غلام سرور خاصخیلی شریک ہوئے۔ تعلیمی ماہرین بصرالدین سولنگی، دلدار حسین راہو اور سینئر صحافی قاضی جاوید سنائی نے اعزازی مہمانوں کی حیثیت سے شرکت کی۔ انجینئر محمد الیاس کیریو نے اعلان کیا کہ ہر سال اسکول کے پانچ پوزیشن ہولڈر طلبہ کو 79 بیچ کی جانب سے ایوارڈ دیے جائیں گے۔ سابق طلبہ نے اسکول میں لائبریری قائم کرنے اور تعلیمی بہتری کے لیے مزید اقدامات کرنے کے عزم کا اظہار بھی کیا۔ تقریب میں سینئر صحافی راج کمار اوڈ، خالد علی کیریو، عامر علی چانڈیو، شکیل احمد خانزادہ اور محمد ہاشم کھوکھر بھی موجود تھے۔ آخر میں 79 بیچ کے وفات پا جانے والے ساتھیوں کی مغفرت کے لیے دعا کی گئی۔

لوکل گورنمنٹ کی کتے مار مہم پر سوالات اٹھنے لگے کروڑوں کے بجٹ کے باوجود آوارہ کتوں کی بہتات

اس بارے جب ADLG سے رابطہ کیا گیا تو انہوں نے کہا کہ کوئی کرپشن نہیں ہورہی ہے ہم کتے مار مہم میں بھرپور کوشش کررہے ہیں



لودھراں (چوہدری منیر سے) محکمہ لوکل گورنمنٹ لودھراں کرپشن کا گڑھ ڈپٹی و اسسٹنٹ ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ آفس میں کرپشن بدعنوانی عروج پر کروڑوں کی کرپشن انسانوں کے کاموں میں کرپشن تو ہر ادارہ کرتا ہے مگر جانوروں کے بجٹ میں بھی کرپشن کرکے لوکل گورنمنٹ نے اپنا ثانی نہ چھوڑا ہے مبینہ طور پر ADLG مدثر حسن کتے مار دوائی خود سپلائی کر کے 25 پرسنٹ کمیشن وصول کر کے کتے مار دوائی کی بجائے فرضی گولیاں دے کر فوٹو سیشن کرواتا ہے تفصیل کے مطابق لودھراں میں ضلعی دفتر لوکل گورنمنٹ کتے مار مہم کے سلسلہ میں بجٹ میں سے کروڑوں کے بل پاس کراتے ہیں اور کام زیرو ہے کسی بھی یونین کونسل میں کوئی بندہ۔ انسان اور جانور تک محفوظ نہ ہے بالے اور عام کتے آئے روز فائدہ اٹھا کر کاٹ رہے ہیں مگر سیکرٹری یونین کونسلو لاچار بے بس نظر آنے لگے لودھراں میں کتے مار مہم کے دعوے تو بڑے دیدہ دلیری سے کیے جاتے ہیں مگر گراؤنڈ پر کچھ بھی نہ ہو رہا ہے گزشتہ روز یونین کونسل واہی سلامت رائے کی بستی ہٹی موہل میں 3 بالے کتوں نے ایک غریب بختاور نامی شخص کے بکرے کو کاٹ کھایا اور فرار ہو گئے جو تا حال نہ ملے ہیں اور نا ہی مارے جا چکے ہیں نہ جانے اور کتنے بچوں۔ مرد۔ خواتین اور جانوروں کو نقصان پہنچائیں گے کروڑوں کے بلز تو نکلوائے جاتے ہیں مگر انکا آڈٹ اور نہ ہی کوئی چیک اینڈ بیلنس ہے مبینہ زرائع سے معلوم ہوا ہے کہ کتے مار دوائی ADLG مدثر حسن خود سپلائی کررہا ہے جس میں 25 فیصد کمیشن وصول کررہا ہے اور کتے مار دوائی کی بجائے فرضی گولیاں دیکر فوٹو سیشن کیا جاتا ہے۔ اہل علاقہ کے بختاور۔ اسلم۔ نعیم۔ مرتضیٰ۔ فہد۔ اور حماد نے کہا ہے کہ ہم غریب لوگ کب تک کتوں کا شکار ہوتے رہیں گے انہوں نے اعلیٰ حکام سے فوری اصلاح احوال اور نوٹس لینے کی اپیل کی ہے اس بارے جب ADLG سے رابطہ کیا گیا تو انہوں نے کہا کہ کوئی کرپشن نہیں ہو رہی ہے ہم کتے مار مہم میں بھرپور کوشش کررہے ہیں

صحافیوں کے ہونہار بچوں کے اعزاز میں تقریب تقسیم انعامات کا انعقاد کیا گیا


جبکہ ورکنگ جرنلسٹ پریس کلب رجسٹرڈ لودھراں کے صدر ملک شفیق آرائیں نے تقریب کے انعقاد میں اہم کردار ادا کیا۔



لودھراں (چوہدری منیر سے) ورکنگ جرنلسٹ پریس کلب رجسٹرڈ لودھراں کے زیر اہتمام نویں اور دسویں جماعت کے امتحانات میں نمایاں پوزیشنیں حاصل کرنے والے ضلع لودھراں سے تعلق رکھنے والے صحافیوں کے ہونہار بچوں اور بچیوں کے اعزاز میں تقریب تقسیم انعامات کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب کی صدارت ڈپٹی کمشنر لودھراں چوہدری محمد اشرف نے کی، جبکہ ورکنگ جرنلسٹ پریس کلب رجسٹرڈ لودھراں کے صدر ملک شفیق آرائیں نے تقریب کے انعقاد میں اہم کردار ادا کیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر چوہدری محمد اشرف اور صدر پریس کلب ملک شفیق آرائیں نے نمایاں تعلیمی کامیابیاں حاصل کرنے والے طلبہ و طالبات میں نقد انعامات اور تحائف تقسیم کیے اور ان کی حوصلہ افزائی کی۔ تقریب کا بنیادی مقصد صحافی برادری کے بچوں کی تعلیمی کامیابیوں کو سراہنا، ان کی محنت اور قابلیت کی پذیرائی کرنا اور انہیں مستقبل میں مزید بہتر کارکردگی دکھانے کے لیے حوصلہ دینا تھا۔ تقریب میں نویں اور دسویں جماعت کے امتحانات میں نمایاں پوزیشنیں حاصل کرنے والے 13 ہونہار طلبہ و طالبات کو اعزازات سے نوازا گیا۔ ان طلبہ و طالبات نے اپنی محنت، لگن اور تعلیمی دلچسپی کے ذریعے اپنے والدین کے لیے فخر کا باعث بننے کے ساتھ ساتھ صحافی برادری کی خوشیوں میں بھی اضافہ کیا۔ تقریب کے دوران ضلع لودھراں سے تعلق رکھنے والے صحافیوں کے ہونہار بچوں مریم فاطمہ، حادیہ فلک، محمد تیمور اعظم، وجیہہ اعظم، عجوہ مشتاق، حسنین مزمل، رابعہ خلیل گل اور سائرہ حنیف سمیت دیگر طلبہ و طالبات کی تعلیمی کامیابیوں کو سراہا گیا۔ ڈپٹی کمشنر چوہدری محمد اشرف اور صدر پریس کلب ملک شفیق آرائیں نے بچوں میں نقد انعامات اور تحائف تقسیم کیے اور انہیں مستقبل میں بھی محنت، لگن اور مستقل مزاجی کے ساتھ اپنی تعلیم جاری رکھنے کی تلقین کی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر لودھراں چوہدری محمد اشرف نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ تعلیمی میدان میں نمایاں کامیابیاں حاصل کرنے والے طلبہ و طالبات کی حوصلہ افزائی نہایت ضروری ہے، کیونکہ یہی ہونہار بچے ملک و قوم کا روشن مستقبل ہیں۔ ان کے مطابق بچوں کی محنت اور قابلیت کو بروقت سراہنے سے ان کے اعتماد میں اضافہ ہوتا ہے اور وہ مستقبل میں مزید بہتر کارکردگی دکھانے کے لیے بھرپور جذبے کے ساتھ آگے بڑھتے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ تعلیم کسی بھی معاشرے کی ترقی اور خوشحالی میں بنیادی اہمیت رکھتی ہے۔ طلبہ و طالبات کو تعلیم کے بہتر مواقع فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ ان کی کامیابیوں کی پذیرائی بھی ضروری ہے، تاکہ دیگر بچوں کو بھی محنت کرنے اور تعلیمی میدان میں نمایاں مقام حاصل کرنے کی ترغیب ملے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ضلعی انتظامیہ لودھراں تعلیم کے فروغ اور طلبہ و طالبات کی حوصلہ افزائی کے لیے اپنا کردار ادا کرتی رہے گی۔ صدر ورکنگ جرنلسٹ پریس کلب رجسٹرڈ لودھراں ملک شفیق آرائیں نے تقریب کے انعقاد کے حوالے سے کہا کہ صحافی برادری کے بچوں کی تعلیمی کامیابیوں کو سراہنا اور ان کی حوصلہ افزائی کرنا ایک مثبت اور قابل تحسین اقدام ہے۔ ایسے پروگراموں سے بچوں میں آگے بڑھنے کا جذبہ پیدا ہوتا ہے، جبکہ والدین کی حوصلہ افزائی بھی ہوتی ہے کہ وہ اپنے بچوں کی تعلیم و تربیت پر مزید توجہ دیں۔ انہوں نے کہا کہ صحافی معاشرے میں شعور و آگاہی کے فروغ اور عوامی مسائل کی نشاندہی کے لیے اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ صحافیوں کے بچوں کی تعلیمی کامیابیوں پر انہیں خراج تحسین پیش کرنا اور ان کی حوصلہ افزائی کرنا پریس کلب کی مثبت سرگرمیوں کا حصہ ہے۔ ورکنگ جرنلسٹ پریس کلب لودھراں آئندہ بھی صحافی برادری کی فلاح و بہبود اور ان کے اہل خانہ کی حوصلہ افزائی کے لیے ایسی سرگرمیوں کے انعقاد کی روایت کو برقرار رکھنے کی کوشش کرے گا۔ تقریب کے شرکا نے ورکنگ جرنلسٹ پریس کلب رجسٹرڈ لودھراں کی جانب سے صحافیوں کے بچوں کی حوصلہ افزائی کے لیے منعقدہ اس تقریب کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا کہ تعلیمی میدان میں نمایاں کارکردگی دکھانے والے بچوں کی پذیرائی سے نہ صرف ان کی حوصلہ افزائی ہوتی ہے بلکہ دوسرے طلبہ و طالبات کو بھی محنت اور لگن سے تعلیم حاصل کرنے کا پیغام ملتا ہے۔ تقریب کے اختتام پر ہونہار طلبہ و طالبات کی کامیابیوں کو سراہا گیا اور اس امید کا اظہار کیا گیا کہ یہ بچے مستقبل میں بھی اپنی تعلیمی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے مزید کامیابیاں حاصل کریں گے اور اپنے والدین، اساتذہ، صحافی برادری اور ملک و قوم کا نام روشن کریں گے۔

پولیس کی مبینہ ناقص کارکردگی کے باعث میرپورخاص میں جرائم کی وارداتوں میں تشویشناک حد تک اضافہ ہوگیا

انہوں نے کہا کہ محمود آباد تھانے کی حدود میں سات سالہ محمد ثاقب ولد رضوان احمد کو مبینہ طور پر اغوا کے بعد قتل کر دیا گیا



میرپور خاص (عباس آرائیں) ایم کیو ایم پاکستان میرپورخاص ڈسٹرکٹ کے انچارج خالد تبسم، جوائنٹ ڈسٹرکٹ انچارجز آفاق احمد خان، سلیم میمن اور اراکین ڈسٹرکٹ کمیٹی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ پولیس کی مبینہ ناقص کارکردگی کے باعث میرپورخاص میں جرائم کی وارداتوں میں تشویشناک حد تک اضافہ ہوگیا ہے، جبکہ اغوا، قتل اور زیادتی کی کوشش جیسے سنگین واقعات شہریوں کے لیے شدید تشویش کا باعث بن رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ محمود آباد تھانے کی حدود میں سات سالہ محمد ثاقب ولد رضوان احمد کو مبینہ طور پر اغوا کے بعد قتل کر دیا گیا۔ چند روز قبل ٹاؤن تھانے کی حدود میں تھاسں آباد سے حسنین ولد بیر احمد اور نور شاہ کالونی سے 30 سالہ نوجوان نبیل ندیم ولد ندیم احمد کو مبینہ طور پر ان کی دکان سے اغوا کر لیا گیا، جبکہ سیٹلائٹ ٹاؤن تھانے کی حدود میں آٹھ سالہ حسنین ولد عامر کے ساتھ مبینہ طور پر زیادتی کی کوشش کی گئی۔ ایم کیو ایم پاکستان کے رہنماؤں نے مزید کہا کہ حالیہ دنوں میں شہر کے مختلف علاقوں میں متعدد نوجوان لڑکیوں کے پراسرار حالات میں قتل کے واقعات بھی پولیس کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ شہر میں آئس اور دیگر منشیات کی مبینہ فروخت جاری ہے، جبکہ موٹر سائیکل چوری، ڈکیتی اور رہزنی کی وارداتوں نے عوام کا جینا دوبھر کر دیا ہے۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ بیشتر تھانوں میں موٹر سائیکل چوری کی ایف آئی آر درج کرنے سے مبینہ طور پر انکار کیا جاتا ہے اور فریادیوں کو موٹر سائیکلیں تلاش کر کے دینے کا کہہ کر واپس بھیج دیا جاتا ہے۔ بیان میں مزید کہا گیا کہ شہر کی مختلف گلیوں میں بغیر این او سی کے بال، خراب موبائل فونز اور دیگر برقی و الیکٹرانک آلات خریدنے والے مشکوک افراد سرگرم ہیں۔ رہنماؤں کے مطابق جرائم کی حالیہ لہر اور پولیس کی مبینہ غفلت کے باعث شہر بھر میں خوف و ہراس اور بے چینی پھیل رہی ہے، جبکہ شہری خود کو غیر محفوظ محسوس کر رہے ہیں۔ ایم کیو ایم پاکستان کے رہنماؤں نے وزیر اعظم پاکستان، چیف آف آرمی اسٹاف فیلڈ مارشل جنرل سید عاصم منیر، چیف جسٹس سپریم کورٹ، چیف جسٹس سندھ ہائی کورٹ اور آئی جی سندھ پولیس سے مطالبہ کیا ہے کہ میرپورخاص میں امن و امان کی سنگین صورتحال کا فوری نوٹس لیا جائے اور شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں۔

شیرگڑھ بائی پاس ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہے جگہ جگہ گہرے گڑھے پڑنے سے مشکلات کا سامنا ہے

اہل علاقہ نے وزیر اعلیٰ پنجاب سے پرزور اپیل اور مطالبہ کیا ہے کہ شیرگڑھ بائی پاس کی خستہ حالی کا فوری نوٹس لیا جائے



شیرگڑھ (نامہ نگار) شیرگڑھ بائی پاس ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہے، جگہ جگہ گہرے گڑھے پڑنے اور گٹروں کا گندا پانی مسلسل سڑک پر جمع رہنے کے باعث شہریوں اور مسافروں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ سڑک کی خستہ حالی اور گندے پانی کی موجودگی سے ٹریفک کی روانی متاثر ہونے کے ساتھ ساتھ حادثات اور بیماریوں کے خدشات بھی بڑھ رہے ہیں۔ اہل علاقہ نے وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف، کمشنر ساہیوال اور ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ سے پرزور اپیل اور مطالبہ کیا ہے کہ شیرگڑھ بائی پاس کی خستہ حالی کا فوری نوٹس لیا جائے، سڑک کی مرمت اور گٹروں کے گندے پانی کی نکاسی کے لیے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کیے جائیں اور اس دیرینہ مسئلے کو مستقل بنیادوں پر حل کیا جائے تاکہ شہریوں کو درپیش مشکلات سے نجات مل سکے

ہنگورجا میں ڈکیتی واردات میں مزاحمت پر نوجوان زخمی ہوگیا

پولیس چوکی کے پاس رہزنوں نے اسلحہ کے زور پر رضوان چنہ سے موٹر سائیکل چھیننے کی کوشش اور مزاحمت پر انہیں گولی مار کر فرار ہوگئے



نوشہرو فیروز (سی این پی) ہنگورجا میں ڈکیتی وارادات میں مزاحمت پر نوجوان زخمی، کنڈیارو میں رہزنوں کا راج، لاکھوں کی نقدی اور تین موٹر سائیکل چوری، ہنگورجا میں لوکھی پولیس چوکی کے پاس رہزنوں نے اسلحہ کے زور پر رضوان چنہ سے موٹر سائیکل چھیننے کی کوشش اور مزاحمت پر انہیں گولی مار کر فرار ہوگئے زخمی کو اسپتال منتقل کر دیا ہے کنڈیارو پولیس تھانہ کی حدود میں بیلو رابطہ سڑک (لنک روڈ) پر رہزنوں نے اسلحہ کے زور پر جنید سولنگی سے 2 لاکھ کی نقدی چھین لی، شہر میں ایجوکیٹر اسکول کے پاس رہزنوں نے شہری احسن سولنگی سے دو موبائل اور نقدی چھین لی ذکریا محلہ میں ٹاؤن ملازم عمران عرف راجا ہسبانی کی باہر کھڑی موٹر سائیکل، ملاح محلہ میں رانا سردار کی گھر کے باہر کھڑی موٹر سائیکل اور ہائی اسکول کے عقب میں تعلقہ آفسر پرائمری برائے طالبات کے کلرک سدھیر ملاح کی گھر کے باہر کھڑی موٹر سائیکل چابی چور لے اڑے، پولیس کے مطابق وہ تحقیقات کر رہی ہے۔

خواجہ معین الدین محبوب کوریجہ سائیں کی سالگرہ مبارک کا کیک پاکستان بھر اور باہر کے ملکوں میں کیک کاٹا گیا

رحیم یار خان میں پروقار تقریب کا اہتمام قائم مقام صدر ملک رضوان اعوان کی رہائش پر منعقد کیا گیا



رکن پور (نمائندہ خصوصی) دربار حضرت خواجہ غلام فرید رحمتہ اللہ علیہ کے سجادہ نشین خواجہ معین الدین محبوب کوریجہ سائیں کی سالگرہ مبارک کا کیک پاکستان بھر اور باہر کے ملکوں میں کیک کاٹا گیا۔ رحیم یار خان میں پروقار تقریب کا اہتمام قائم مقام صدر ملک رضوان اعوان کی رہائش پر منعقد کیا گیا، جسمیں جماعت کے عہدیداران و ممبران کی شرکت۔ تفصیل کے مطابق گزشتہ روز دربار حضرت خواجہ غلام فرید رحم اللہ علیہ کے سجادہ نشین خواجہ معین الدین محبوب کوریجہ سائیں کی فریدی جماعت رحیم یار خان نے سجادہ نشین کی سالگرہ کا کیک کاٹنے کی پروقار تقریب قائم مقام صدر ملک رضوان اعوان کی رہائش گاہ پر معزز ممبران رئیس محمد صادق چاچڑ۔ پیر فہد شاہ۔ محمد آصف علوی۔ خان محمد گوپانگ۔ رانا منیر احمد۔ رانا محمد عدنان۔ ملک اختر حسین۔ محمد فاروقی۔ رئیس ملازم حسین۔ غلام عباس سندھی و دیگر کی موجودگی میں کاٹا گیا۔ اور جماعت کے عہدیداران و ممبران نے اپنی محبت کا عملی ثبوت پیش کیا گیا، تاہم سجادہ نشین دربار فرید خواجہ معین الدین محبوب کوریجہ سائیں کی لمبی خضری عمر دیر تک انکا سایہ قائم رہے، اور شرکا نے ملکی سلامتی کیلئے خصوصی دعا بھی کروائی گئی

ہڑپہ: پی پی 201 کے دیہی علاقے پختہ سڑکوں سے محروم، شہری خستہ حال راستوں پر سفر کرنے پر مجبور

وزیراعلیٰ پنجاب کے دیہی ترقی کے وژن کے تحت ان علاقوں کی سڑکوں کی تعمیر و مرمت کو ترجیحی بنیادوں پر یقینی بنایا جانا چاہیے



ہڑپہ (منیر ساجد ارائیں سے) وزیر اعلیٰ پنجاب کے پروگرام پکیاں سڑکاں، سوکھے پینڈے کے باوجود حلقہ پی پی 201 کے متعدد دیہی علاقے تاحال پختہ اور بہتر سڑکوں کی سہولت سے محروم ہیں علاقہ راوی گلو کے کاٹھیے، کالونی، سہو کے اور نلکا فارم رنگشاہ کے گرد و نواح سمیت دیگر علاقوں کے مکین ٹوٹی پھوٹی اور خستہ حال سڑکوں پر سفر کرنے پر مجبور ہیں، جبکہ بنیادی سہولیات کی عدم دستیابی نے بھی اہل علاقہ کی مشکلات میں اضافہ کر رکھا ہے تفصیلات کے مطابق مذکورہ علاقوں میں سڑکوں کی ناگفتہ بہ حالت کے باعث شہریوں کو روزمرہ آمد و رفت میں شدید دشواریوں کا سامنا ہے کسانوں کو اپنی زرعی اجناس منڈیوں تک پہنچانے میں مشکلات پیش آتی ہیں، جبکہ طلبہ و طالبات کو تعلیمی اداروں تک پہنچنے اور مزدوروں و دیہاڑی دار طبقے کو روزگار کے حصول کے لیے آمد و رفت میں پریشانی اٹھانا پڑتی ہے کھیتوں میں کام کرنے والے کسان بھی خستہ حال راستوں کے باعث مشکلات سے دوچار ہیں اہل علاقہ کا کہنا ہے کہ بہتر سڑکیں دیہی ترقی، زرعی معیشت اور عوام کی بنیادی ضرورت ہیں، لیکن ان علاقوں کی سڑکوں کی حالت زار پر توجہ نہ دیے جانے سے عوام میں تشویش پائی جاتی ہے وزیر اعلیٰ پنجاب کے دیہی ترقی کے وژن کے تحت ان علاقوں کی سڑکوں کی تعمیر و مرمت کو ترجیحی بنیادوں پر یقینی بنایا جانا چاہیے تاکہ عوام کو سفری مشکلات سے نجات مل سکے اہل علاقہ نے کمشنر ساہیوال، حلقہ پی پی 201 سے منتخب ہونے والے ممبران قومی و صوبائی اسمبلی اور وزیر اعلیٰ پنجاب سے مطالبہ کیا ہے کہ گلو کے کاٹھیے، کالونی، سہو کے اور نلکا فارم رنگشاہ کے گرد و نواح سمیت دیگر محروم علاقوں کی سڑکوں کی حالت کا فوری نوٹس لیا جائے متعلقہ حکام سے رپورٹ طلب کی جائے اور پروگرام پکیاں سڑکاں، سوکھے پینڈے کے تحت ان علاقوں میں سڑکوں کی تعمیر و بحالی کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں تاکہ اہل علاقہ کو درپیش مشکلات کا خاتمہ ہو اور دیہی ترقی کا ثمر ان علاقوں کے عوام تک بھی پہنچ سکے۔

گورنر پنجاب کی چیمبر آف کامرس وہاڑی کے وفد کو گورنر ہاس لاہور آنے کی دعوت

جہاں تاجر برادری کو درپیش مسائل اور کاروباری معاملات پر تفصیلی مشاورت کرکے ان کے حل کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں گے



وہاڑی (شہزاد عابد سے) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا ہے کہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری وہاڑی کے وفد کو بہت جلد گورنر ہاس لاہور مدعو کیا جائے گا، جہاں تاجر برادری کو درپیش مسائل اور کاروباری معاملات پر تفصیلی مشاورت کرکے ان کے حل کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں گے۔ حکومت اور تاجر برادری ملکی معیشت کی مضبوطی کے لیے شراکت دار ہیں، کاروباری طبقے کی تجاویز کو اہمیت دی جائے گی۔ انہوں نے معروف سماجی شخصیت مرزا محمد خالد کی رہائش گاہ پر چیمبر آف کامرس کے وفد سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وہاڑی سمیت جنوبی پنجاب کے تاجروں اور صنعت کاروں کو سازگار کاروباری ماحول فراہم کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ تاجر برادری روزگار کے مواقع پیدا کرنے اور مقامی و ملکی معیشت کے استحکام میں اہم کردار ادا کر رہی ہے۔ وہاڑی کے تاجروں کو درپیش ٹیکس، کاروباری سہولیات، انفراسٹرکچر اور صنعتی سرگرمیوں سے متعلق مسائل متعلقہ فورمز پر اٹھائے جائیں گے۔ وفد کی قیادت چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری وہاڑی کے سینئر نائب صدر چوہدری محمد آصف نے کی، جبکہ نائب صدر حافظ عبیداللہ، سابق صدر چوہدری خالد حسین، ایگزیکٹو ممبران چوہدری عدنان اشرف گجر، چوہدری علی بشارت، چوہدری وسیم خالد، ممبران میاں نیرب خورشید، میاں اویس خورشید، عنصر بندیشہ، شیخ زین ایوب اور راشد طفیل بھٹی سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ چوہدری محمد آصف، حافظ عبیداللہ اور میاں نیرب خورشید نے گورنر پنجاب کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ چیمبر کی جانب سے تاجر برادری کے مسائل اور تجاویز پر مشتمل جامع سفارشات گورنر پنجاب کو پیش کی جائیں گی۔ انہوں نے گورنر ہاس لاہور میں آئندہ ملاقات کو تاجر برادری کے مسائل کے حل کے لیے اہم پیش رفت قرار دیا۔

وہاڑی: چک نمبر 40 ڈبلیو بی میں عظیم الشان محفل ذکر حبیب ﷺ کا انعقاد کیا گیا

یہ دن محض چراغاں کرنے کا دن نہیں بلکہ یہ دن ہمیں حضور صلی اللہ وآلہ وسلم کے اسوہ حسنہ پر عمل کرنے کا درس دیتا ہے



وہاڑی (شہزاد عابد سے) میاں محمد ثاقب خورشید صاحب ایم پی اے وہاڑی نے چک نمبر 40 ڈبلیو بی میں عارف برال وارث برال کے ڈیرہ پر عظیم الشان محفل ذکر حبیب صلی اللہ علیہ والہ وسلم میں شرکت کی جہاں پر نعت خواں حضرات وخطیب محفل جناب وسیم سجاد صاحب حافظ آباد والے نے اپنے بہت ہی خوبصورت انداز بیاں سے لوگوں کی روح کو لطف اندوز کیا انہوں نے سرکار کی شان میں مدح سرائی کا شرف حاصل کیا سیرت طیبہ پر سیر حاصل گفتگو فرمائی۔ یہ دن محض چراغاں کرنے کا دن نہیں بلکہ یہ دن ہمیں حضور صلی اللہ وآلہ وسلم کے اسوہ حسنہ پر عمل کرنے کا درس دیتا ہے اور آخر میں پر تکلف کھانے کا اہتمام کیا گیا۔ شریک محفل چوہدری سعید اختر، مہر محمد اسلم المعروف محمد خان لدھیانہ ڈاکٹر محمد اشرف ڈوگر ڈاکٹر رانا محمد اسلم، میاں محمد ارشاد 214 ای بی والے محمد اشرف ورک اور کافی دوستوں نے محفل میں شرکت کی ہے

لودھراں ریسکیو 1122 اور رکن پور پی ایچ پی کی فائر فائٹنگ اور فرسٹ ایڈ کی مشترکہ مشقیں مکمل

چوہدری جاوید اقبال نے صحافیوں سے دوران گفتگو بتایا کہ مشترکہ مشقوں کا مقصد کسی بھی ہنگامی صورتحال میں عوام کو فوری اور بہتر تحفظ فراہم کرنا ہے۔



لودھراں (چوہدری منیر سے) لودھراں ریسکیو 1122 اور رکن پور پی ایچ پی کی فائر ایکسٹینیشن اور فرسٹ ایڈ کی مشترکہ مشقیں مشقوں کا مقصد کسی بھی ہنگامی صورتحال میں عوام کو فوری اور بہتر تحفظ فراہم کرنا ہے۔ انچارج پی ایچ پی رکن پور چوہدری جاوید اقبال تفصیلات کے مطابق لودھراں ریسکیو 1122 اور رکن پور پی ایچ پی کی فائر ایکسٹینیشن مشترکہ مشقیں اختتام پذیر ہوئیں ان مشقوں میں رکن پور پی ایچ پی کے انچارج سب انسپکٹر چوہدری جاوید اقبال اور ایڈمن آفیسر اسسٹنٹ سب انسپکٹر چوہدری محمد حفیظ اور سٹاف رکن پور نے لودھراں ریسکیو 1122 کی ٹیم کے ہمراہ مشترکہ فائر ایکسٹینیشن، فرسٹ ایڈ اور دیگر بنیادی بیسک کورس کی مشقیں کیں جن کیا اختتام ہونے پر انچارج پی ایچ پی چوہدری جاوید اقبال نے صحافیوں سے دوران گفتگو بتایا کہ مشترکہ مشقوں کا مقصد کسی بھی ہنگامی صورتحال میں عوام کو فوری اور بہتر تحفظ فراہم کرنا ہے۔

چوہدری چکن سیل پوائنٹس پر مردہ، بیمار اور لاغر مرغیوں کے گوشت کی فروخت کا مکروہ دھندہ جاری

شہریوں کی شکایات پر محکمہ فوڈ نے چوہدری چکن کے ایک سیل پوائنٹ کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے کئی من بدبودار اور مضر صحت گوشت برآمد کر لیا



گگو منڈی (نمائندہ خصوصی) چوہدری چکن سیل پوائنٹس پر مردہ، بیمار اور لاغر مرغیوں کے گوشت کی فروخت کا مکروہ دھندہ جاری ہونے کی شکایات سامنے آنے پر شہریوں میں تشویش کی لہر دوڑ گئی شہریوں کی شکایات پر محکمہ فوڈ نے چوہدری چکن کے ایک سیل پوائنٹ کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے کئی من بدبودار اور مضر صحت گوشت برآمد کر لیا شہریوں کے مطابق اگر مردہ، بیمار اور لاغر مرغیوں کا گوشت فروخت کیا جا رہا ہے تو یہ انسانی صحت کے لیے سنگین خطرہ ہے جس کا فوری سدباب ضروری ہے شہریوں نے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ گگو منڈی میں چوہدری چکن کے تمام سیل پوائنٹس کی بلاامتیاز جانچ پڑتال کی جائے گوشت کی فراہمی کے ذرائع اور معیار کی جانچ کی جائے اور خلاف ورزی ثابت ہونے پر ذمہ داران کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے شہریوں نے محکمہ فوڈ اور ضلعی انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ عوام کو مضر صحت گوشت کی فروخت سے محفوظ بنانے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں

گروہی تصادم میں چار افراد زخمی، اسپتال منتقل کر دیا گیا ہے

ہنگورجا پولیس تھانہ کی حدود میں شیخ اور منگنیجا برادری میں زمینی تکرار پر تصادم ہوگیا جس میں گولیاں، کلہاڑی اور ڈنڈے چل گئے



نوشہرو فیروز (ڈسٹرکٹ رپورٹر) گروہی تصادم میں چار افراد زخمی، اسپتال منتقل، ہنگورجا پولیس تھانہ کی حدود میں شیخ اور منگنیجا برادری میں زمینی تکرار پر تصادم ہوگیا جس میں گولیاں، کلہاڑی اور ڈنڈے چل گئے ذرائع کے مطابق تصادم میں گلزار علی ولد وکیل احمد منگنیجو سر میں گولی لگنے سے زخمی ہوگیا جبکہ رفیق احمد شیخ، بھتیجے سمیت کلہاڑی، ڈنڈے لگنے سے زخمی ہوگیا، پولیس کے مطابق زخمیوں کو اسپتال منتقل کر دیا ہے پولیس مزید تفتیش کر رہی ہے